Posted On Kitab Nagri




www.kitabnagri.com

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# محبت سے نفرت ہے

## دونیا جمیل

مانی کیا ہے کیوں بلا رہے ہو اتنی دھوپ میں تمھیں پتا ہے نا مجھے سن اسٹروک ہو جاتا ہے،،،،

،وہ اپنے گھر کے پچھلے حصے میں مانی کے بلانے پر آئی تھی

اف مانو بلی تمھارے نخرے ایک تو میں پورے دو دن سے تمھارے اس محل کو بنانے میں لگا ہوا ہوں اور تم مجھ سے ملنے دھوپ میں نہیں آسکتی،،،مانی نے افسوس سے کہا

کیا بن گیا میرا پروجیکٹ دیکھاؤ نا مانی کہاں ہے پلیز

اے خبر دار اسے پروجیکٹ کہہ کر اسکی توہین نہیں کرو وہ میرے خوابوں کا محل ہے جو میں نے تمھارے لئے بنا یا ہے،،،،،،مانی نے بڑے اسٹائل سے کہا

اور اسکا ہاتھ پکڑ کر چھت پر لے ایا جہاں بہت بڑا شیشے اور لکڑی کے ٹکڑوں کا نہایت خوبصورت آرٹسٹک گھر بنایا ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

مانو کی چیخ نکل گئی

واو،،مانی اوہ گاڈ اتنا حسین اف یہ تو میں یہ ڈسپلے میں بالکل نہیں رکھ رہی ٹیچر واپس تھوڑی دیں گی،،،مانو نے مانی کا ہاتھ پکڑ کر جوش سے کہا

مانو کو اتنا خوش دیکھ کر مانی کو لگا اسکی ساری محنت وصول ہو گئی،،،،

پتا ہے مانو میں تمھارے لئے ایسا ہی گھر بناؤ گا بالکل سچی والا،،،،ایک عزم سے اس سترہ سال کے لڑکے نے کہا

اچھا اور اتنے پیسے کہاں سے لاؤ گے میرے ڈیڈ سے لو گے،،،پندرہ سالہ مانو نے ہنستے ہوئے مذاق اڑایا

کیوں ان سے کیوں لونگا مانی نے منہ بنایا میں انجینیر بنو گا اور اس گھر کے لیے سب کچھ میں خود کروں گا،،،،

پھر آتنے پیسے بھی نہیں لگیں گے

وہ دونوں ابھی اسکول میں تھے مانی کا اولیول کا آخری سال تھا مانو اس سے جونیر تھی

##########

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منال تیار ہو کر اپنے روم سے نکلی تو سامنے ہی ناز بیگم بیٹھی ہوئی چائے پی رہی تھیں،،

"ہیلو مام کیا ہو رہا ہے" اس نے پیار سے گلے میں بانہیں ڈالیں

ناز بیگم نے مسکرا کر اپنی سب سے چھوٹی بیٹی کو دیکھا جو کہیں جانے کے لئے تیار تھی

کہاں جانے کی تیاری ہے مانو وہ بھی اس ٹائم،،،

مام ڈون کول می مانو اب میں بڑی ہو گئی ہوں اور آپ کو بتایا تو ہے لان اگیز بیش کا آج فاسٹ ڈے ہے اور میں نے آج ہی جانا ہے

Posted On Kitab Nagri

مسز ناز نے مسکرا کر اسے دیکھا جانتی تھی وہ کتنی برانڈ کونشس ہے ایک چھوٹا سا کیچر بھی وہ کسی عام شاپ سے نہیں لیتی تھی

یہ آپ کی بہو کہاں ہے بلائیں انھیں کیوں کہ اسد بھائی نے اپنی بیوی کی پخ ساتھ لگا دی ہے،،،،، منال نے منہ بنا کر اپنی بھابھی کرن کا ذکر کیا

ارے کرن تو تھوڑی دیر ہوئی اپنے گھر گئی ہے تم کالج سے آ کر سو گئیں تو مجھے لگا آج نہیں جاؤ گی،،،،ناز بیگم کو یاد آیا

ایک تو یہ آپ کی بہو کو دن میں دس دفعہ اپنے گھر جانا ہوتا ہے اب برابر میں گھر کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ جب دل چاہے منہ اٹھا کر چلے جاؤ،، منال کا موڈ خراب ہوا چھوٹی سی ناک اور اوپر چڑھ گئی تھی،،،
تو تم خود چچا کے گھر چلی جاؤ وہاں سے اسے ساتھ لے لو اور دیکھو اسے کچھ کہنا نہیں ورنہ وہ ایک ایک بات اسد کے کان میں ڈالتی ہے اور اسد پھر منہ بناتا ہے آج کل بیوی کا جادو سر پر چڑھ رہا ہے،،،،،ناز بیگم نے نخوت سے کہا،،

Posted On Kitab Nagri

بس مام رہنے دیں چل ہی نہ جائے بھائی پر کسی کا جادو ایک منٹ میں وہ بھابھی کو بھی انکی اوقات یاد دلا دیتے ہیں اور صرف بھائی کیا اس خاندان کے تو سارے ہی مرد خود پرست ہیں اپنی ذات کے علاوہ کچھ نظر ہی نہیں آتا اور اسد بھائی کو تو صرف اپنے بزنس سے عشق ہے،،،ہنس کر خاندان کے مردوں کی شان میں قصیدہ گوئی کی،،،

اچھا اچھا اس خاندان کے مردوں پر بعد میں بات کرنا ابھی دیر ہو جائے گی،،،جاو،،،

وہ اللہ حافظ کہتی باہر نکل آئی برابر میں ہی تو چچا جان کا بنگلہ تھا

ابھی وہ گیٹ پر آئی ہی تھی چچا کے گھر کے باہر جھاگ کا پانی آرہا تھا وہ ایک سائیڈ ہوئی ورنہ اسکے نازک سے سینڈل خراب ہو جاتے اسنے منہ بنا کر سامنے کھلے گیٹ پر دیکھا اور اسکا دل چاہ سامنے نظر آتے بندے کے سر پر کچھ کھینچ کر مارے وہ تیزی سے اندر کی طرف بڑھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جہاں ارمغان خانزادہ زمین پر ننگے پیر بیٹھا اپنی کھٹارا سی بائیک کو دھو رہا تھا اسکا حلیہ دیکھ کر منال کو ایک دم گھن آئی،،،انکے خاندان کی عورتیں ہی کیا مرد بھی بہت اسٹائل سے رہتے تھے خوش لباسی انکی پہچان تھی بس ایک یہ ہی بندہ بقول منال خاندان پر دھبہ تھا،،،

عام سے ٹراوزر اور بنیان میں وہ زمین پر التی پالتی مارے بیٹھا تھا

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا بیہودگی کر رہے ہو تم بیچ راستے میں بیٹھ کر مینرز کس چڑیا کا نام ہے کبھی سنا ہے تم نے،،

منال نے نخوت سے اس سے کہا

ارمغان نے پہلے چونک کر اسے دیکھا اور پھر اسکے جملے پر غور کرتا کھڑا ہوا اور بولا

میں نہیں نہار رہا ہوں بیچ راستے میں بائیک کو نہلا رہا تھا مجھے نہیں پتا تھا تم بائیک سے پردہ کرتی ہو،،،،

منال نے نا سمجھ میں آنے والے اسٹائل میں سر کو نفی میں ہلایا اور اس سے بولی

کیا دماغ نے بلکل کام کرنا چھوڑ دیا ہے لگتا ہے اجکل سستا نشہ کرنے لگے ہو،،،،

سستا یا مہنگا تو پتا نہیں جب بھی "پی" ہے بڑے پاپا اور اسد بھائی کی ہی چرا کی پی ہے ان سے پوچھنا وہ کونسی برانڈ یوز کرتے ہیں،،،،،،

ارمغان نے آگ لگانے والی مسکراہٹ سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شٹ اپ میں تمھارے منہ ہی لگنا نہیں چاہتی اندر جاؤ اور اپنی بہن کو باہر بھیجو مجھے دیر ہو رہی ہے،،، منال نے ناک چڑھا کر کہا

یہ تم اور تمھارا وہ بھائی کیا ساری دنیا کو اپنا غلام سمجھتے ہو محترمہ میں نوکر نہیں ہوں آپکا اور اب ہٹو یہاں سے،،،

،وہ بھی ارمغان خانزادہ تھا ایک منٹ میں دماغ خراب ہوتا تھا

Posted On Kitab Nagri

ارے ہاں بھئی میں کیسے بھول گی ارمغان صاحب کی تو بہت عزت ہے ویسے اس رات سفیان بھائی لان میں تمھاری دھلائی کیوں کر رہے تھے،،،،اوہ تمھیں یاد نہیں ہو گا کیونک تم فل ٹون تھے ویڈیو بنائی ہے میں نے پر تمھارا نمبر نہیں تھا ورنہ سینڈ کر دیتی تمھیں،،،،،

منال نے اسکا مذاق اڑایا

ارمغان کا موڈ ایک بار پھر اس رات کی ذلت محسوس کر کے بگڑا وہ پائپ پھنک کر منال کی طرف بڑھا

منال ڈر کے پیچھے ہٹی مگر وہ اسکا ہاتھ پکڑ چکا تھا

مسکرا کر منال سے بہت آہستہ آواز میں بولا

ایسا ہی ایک سین تمھارے گھر بھی چل سکتا ہے اگر میں کرن آپی کو بتا دوں کہ تم کل کالج بنک کر کے شعیب ساتھ طارق روڈ کے پزاہٹ پر بیٹھی تھیں ویسے گھر اور کالج سے کافی دور جا کر ڈیٹ نہیں ماری تم نے ویڈیو بنائی ہے میں نے اسد بھائی کا نمبر بھی ہے پر کیا ہے میں تمھاری طرح تماشہ لگانے کا شوقین نہیں ہوں فرق ہے اس خاندان کے لوگوں میں اور مجھ میں،،،،،،

ارمغان نے کمینی سی ہنسی ہنستے ہوئے کہا

"ارے منال تم یہاں کیوں کھڑی ہو اندر آؤ"

Posted On Kitab Nagri

رمشااور کرن ایک ساتھ باہر آئیں،،،

ارمغان نے تیزی سے منال کا ہاتھ چھوڑااور اس سے دور ہوا

منال نے رمشا کی طرف دیکھا

اللہ یہ کیا گند کیا ہے اس نے اب دیکھ لو کرن پوری سڑک تک خراب ہو گئی ہے پھر کچھ کہو تو تم اور مما ناراض ہوتے ہو کہ ہم اسکے ساتھ غلط کرتے ہیں رمشا بھا بھی نے غصے سے کہا

سڑک آپ کے میاں کے نام نہیں ہے اور نا یہ گھر خالی انکا ہے اوررررر

کرن منال کو دیکھتے ہوئے ایک دم بیچ میں بولی

مانی رمشا صحیح بول رہی ہے اور اب بلکل چپ ہو جاؤ،،،،

انکھیں دکھائیں،،وہ منال کو اپنا مذاق اڑانے کا موقعہ نہیں دینا چاہتی تھی

"اور منال تم کیسے آنا ہوا" منال سے جلدی سے پوچھا،،جان جاتی تھی اپنی اس چھوٹی نند سے جو آفت کی پر کالا تھی،،،

ہم نے لان اگیز بیش میں جانا تھا اگر آپ کو یاد ہو تو اسنے منہ بنا کر کہا

Posted On Kitab Nagri

توتم توسو گئیں تھیں اور اب ٹائم دیکھا ہے اب کل ہی چلیں گے اسد کے آنے کا ٹائم ہے یہ،،، کرن نے صاف انکار کیا کیونکہ اسد خانزادہ گھر آئے اور بیوی نہیں ملے تو اس کا مزاج بھی ساتویں آسمان پر پہنچ جاتا تھا،،،،،

"کون سی ایگزبیش "رمشا کی بھی کان کھڑے ہوئے وہ دونوں باتیں کرتی باہر لان میں آکر بیٹھ گئیں

منال دونوں کو گھورتی ہوئی اپنے گھر واپس جانے لگی،،،،،
ارمغان کے پاس رک کر آہستہ آواز میں بولی

میرے معاملے سے دور رہو ورنہ دو دن میں تمھاری اس بہن کو واپس اس گھر میں بجھوادونگی،،،، نفرت سے کہا

اور وہ یہ بھول گئی کے سامنے ارمغان ہے اور زمین پر گندا پانی اور ہاتھ میں وائپر،،،،،

گندا پانی اسے بھگو گیا،،،،
ایک دم اسکے کپڑوں چہرے ہاتھ سب پر گندا پانی آیا منال نے حیرت سے اسکی طرف دیکھا

اوہ سوری میں نے دیکھا نہیں،،، مسکرا کر ہاتھ سے گیٹ کا راستہ دیکھایا

Posted On Kitab Nagri

منال اسکی طرف بڑھے اس سے پہلے مانی نے جھک کر پانی کا پائپ اٹھالیا اور منال پیر پٹختی ہوئی گھر آگئی

########

عدنان خانزادہ، سلمان خانزادہ کے بڑے بھائی تھے اور اسد خانزادہ نمرہ اور منال کے والد تھے

سلمان خانزادہ کا انتقال ہو چکا تھا ابھی کچھ سال پہلے انکے بھی تین بچے سفیان خانزادہ،، کرن اور ارمغان خانزادہ ہیں

کرن کی شادی اپنے بڑے پاپا کے بیٹے اسد سے ہو چکی تھی اور سفیان کی اپنی کلاس فیلو رمشا سعید سے،،،،
اور نمرہ خانزادہ کو بھی عدنان صاحب نے بہت بڑے بزنس میں سے بیاہ دیا تھا
خانزادہ کا اپنا فیملی بزنس تھا جس کو یہ سب مل کر رن کر رہے تھے لکین اسد خانزادہ اس کمپنی کا سی ای او تھا اور ستر پرسنٹ کا شئیر ہولڈر تھا اور اسے اس بزنس سے عشق تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سفیان اپنے والد کی ہی طرح شریف آدمی تھا جس طرح کبھی سلمان صاحب اپنے بڑے بھائی کے سامنے کچھ نہیں بول سکے تھے ایسے ہی اب سفیان خانزادہ، اسد خانزادہ کے سامنے کچھ کہنے کی ہمت نہیں رکھتا تھا

اور ارمغان خانزادہ اس لئے ہی اس بزنس میں نہیں آیا تھا اور سارے گھر سے ٹکر لے کر مہران یونیورسٹی سے انجینئرنگ کر رہا تھا،،، اور ہر الٹا سیدھا کام اپنا فرض سمجھ کر کرتا تھا
سارے خاندان کو اس پر احتراز ہے کہ وہ اپنے غلط دوستوں کی سنگت میں بہت بگڑ گیا ہے

Posted On Kitab Nagri

رات دو بجے ارمغان گھر آیا اور سیدھا کچن میں گھس گیا
کچن بلکل صاف تھا کھانے کی کوئی چیز بھی نہیں رکھی تھی اس نے فریج دیکھا جو لاک تھا جب سے رمشا بھابھی کے ہاتھ میں گھر کا نظام آیا تھا ایسا اکثر ہونے لگا تھا اسنے قہوہ بنایا اور اپنے کمرے میں آکر دراز سے دودھ کا پیکٹ نکالا اور قہوہ میں ڈال کر بیگ سے چپس نکال کر چائے کے ساتھ کھانے لگا،،،
مہینے کے آخری دنوں میں جیب کی بہت بری حالت ہوتی تھی وہ بہت ٹینشن میں تھا
اسکے سمیسٹر کی فیس بھی ابھی نہیں بھری گئی تھی سفیان بھائی سے مانگنے کا مطلب تھا ایک بہت لمبا لیکچر جو اس کے آوارہ دوستوں سے شروع ہو کر بزنس میں آ کر ختم ہو گا اور وہ صاف کہے گا کہ اس کی عیاشیوں کے لئے حرام کا پیسہ نہیں ہے،،،،

چائے پی کر اسنے سگریٹ سلگایا اور بیڈ پر لیٹ کر سوچنے لگا کہ کتنے پیسوں کا انتظام ابھی اور کرنا پڑے گا
"بیس ہزار تو وہ اپنی ٹیوشن اور دوسرے دو نمبر کاموں سے کر لے گا،، کل تک اجائے گی اسکی پیمنٹ پر باقی پیسے کہاں سے ارینج کروں"
سفیان سے اس رات سے جب مار کھائی تھی بات بند تھی اور وہ اب سفیان سے پیسے لینا بھی نہیں چاہ رہا تھا
ارمغان نے ایک اور سگریٹ جلا لیا منال کا مذاق اڑاتا انداز یاد آیا تو اسنے سگریٹ ایش ٹرے میں مسل دیا جیسے منال کی گردن ہو ہاتھ میں،،،،،

Posted On Kitab Nagri

تمھیں تو دیکھ لونگا منال،،،،،اور چھوڑوں گا تو اس شعیب کو بھی نہیں

کہا تھا تم دونوں سے ایک دوسرے سے دور رہو پر بعض نہیں آئے ہو دونوں سونے سے پہلے آخری سوچ منال کی ہی آئی تھی،،

ارمغان شعیب اور منال نے ایک ہی اسکول سے اولیول کیا تھا بچپن کے بہترین دوست اب ایک دوسرے کی شکل سے بھی نفرت کرتے تھے

#########

ہائے سیس کیا حال ہے منال نے نمرہ کو پیار کیا اور اسکے بیٹے کو پکڑ کر اسکے گالوں پر خطرناک والا پیار کیا وہ رونے لگا

اسے رہنے دو یہ ابھی سو کر اٹھا ہے موڈ خراب ہے اسکا اور مانو یہ تم تھیں کہاں میں دوپہر سے آئی ہوئی ہوں ،،نمرہ نے منال سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پہلی بات مجھے مانو نہیں بولیں دوسری بات آپ کے بیٹے کے یہ گال مجھے دعوت دیتے ہیں کہ آؤ ہمیں چومو اور تیسری بات کیا تھی میں بھول گئی،،،،،،

منال نے مسکرا کر بات گھمائی جو نمرہ کو تو سمجھ نہیں آئی پر کرن نے طنزیہ مسکرا کر منال کو دیکھا آج کل انکی یہ چھوٹی نند الگ ہی ہواؤں میں اڑ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

واو نمرہ تمھارا یہ بریسلیٹ تو بہت حسین لگ رہا ہے کب بنوایا،،، کرن کی اچانک ہی نظر پڑی تھی

منال نے بھی نمرہ کا ہاتھ دیکھا کرن تو خیر اپنی جگہ سے اٹھ کر نمرہ کے پاس آگئی تھی

یہ تو جنید پیرس سے لائے ہیں مرے لئے نمرہ نے اترا کر بتایا اسے بڑا غرور تھا اپنے شوہر پر

بیوٹی فل سیس سیگنیچر جیولری ہے،،، منال متاثر ہوئی برانڈ پر جان جاتی تھی اس کی،،،

"ہاں" جنید نے اینورسری گفٹ دیا ہے،،،،

اور یہ بتاتے ہوئے نمرہ یہ بھی بھول گئی کے ابھی وہ اپنی ماں سے جنید کی کیا شکایتیں کر رہی تھی

منال کا فون بجا تو وہ سب سے ایکسکیوز کرتی روم میں اگئی

شعیب کی کال آرہی تھی

ہیلو،،، منال نے مسکرا کر کہا

ہائے ہنی کہاں ہو یار کب سے فون کر رہا ہوں،،،، شعیب رونے والا ہو رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

منال ایک دم زور سے ہنسی

باہر گئی ہوئی تھی ابھی آئی ہوں ویسے سوچا تو تھا اب کبھی فون نہیں پک کروں گی،، پر تم پر ترس آگیا،،،

کیوں سوئٹ ہارٹ،، کیا خطا ہو گئی مجھ سے بس ایک ہفتہ رہ گیا ہے میرے امریکہ جانے میں اور اگر میں تم سے ملنا چاہ رہا ہوں تو تم ناراض ہو رہی ہو،،،،،

شعیب نے بیزاری سے کہا

ملنا ملاقات تو بھول جاؤ شوبی اور مجھے یہ بتاؤ ارمغان کو کیسے پتا چلا ہمارے بارے میں،،،، میں نے تمھیں منع،،،،،،

منال کی بات کاٹ کر شوبی زور سے چیخا

Kitab Nagri

واٹ کیا پاگل ہو گئی ہو تم اسے کیسے پتا چل سکتا ہے کب کیسے اوہ مائی گاڈ تمھیں پتا ہے تم کیا بول رہی ہو،،،،،،

www.kitabnagri.com

شوبی کے پسینے چھوٹ گئے

ارمغان کو کم از کم ابھی نہیں پتا لگنا چاہیئے تھا جتنی احتیاط وہ کر رہا تھا

"اوہ منال وہ غنڈہ ہے پورا وہ وہ"،،،

"اف شوبی تم اس ایڈیٹ سے ڈر رہے ہو اسکی حیثیت ہی کیا ہے میرے سامنے" نخوت سے کہا

Posted On Kitab Nagri

فالتو بات مت کرو منال مجھے بتاؤ کیا کہا ہے مانی نے تمھیں،،،،،وہ منال پر چیخا

اوہیلو یہ کس لہجے میں بات کر رہے ہو تم مجھ سے اور اگر اتنا ہی ڈر لگتا ہے اس لوزر سے تو آئندہ مجھے فون مت کرنا،،،،،

منال نے فون بند کر دیا

شعیب نے دل میں منال کو گالی دی اور بہت پیار سے سوری کا وائس میسج بھیج کر منال کو فون اٹھانے کو کہا،،،،،

منال نے فون اٹھایا پر چپ رہی دوسری طرف شوبی نے کہا

یار تم ارمغان کو جانتی نہیں ہو وہ بلکل غنڈہ بن گیا ہے لوگوں کو بلیک میل کرنا انکے ڈیٹا ہیک کر کے منہ مانگی رقم لینا اسکا کام ہے،،،

مجھے اپنی فکر نہیں ہے ہنی تمھاری وجہ سے پریشان ہو رہا ہوں

"اسے یہ تو پتا نہیں چلا کہ تم مجھ سے ملنے آئی تھیں"،،شوبی نے بہت محتاط لہجے میں پوچھا

اسکو اب یہ معاملہ ان ہی دنوں میں ختم کرنا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

منال نے شعیب کی ایسی حالت دیکھ کر بات بدل دی

"نہیں اسکی باتوں سے مجھے شک گزرا کے اسے کچھ پتا لگا ہے ہو سکتا ہے تمھارے کسی دوست نے کچھ بتایا ہو" تمھارے بارے میں میرے کسی دوست کو نہیں پتا،،

اور یہ کیا منال تم کیا ارمغان سے بات کرنے لگی ہو وہ اس قابل نہیں ہے
منال پتا ہے وہ اجکل ڈرگز بھی لے رہا ہے،،،،

شوبی نے اسے مانی سے دور رکھنے کے لیے دوسرا کارڈ کھیلا

کیا ڈرگز اوہ جب ہی اسکی آنکھیں اس قدر ریڈ رہتی ہیں اور حلیہ تو افففففف،، منال نے جھر جھری لی،،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منال میں اس بلیک میلر کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا بس تم کل میرے ساتھ چل رہی ہو اور بس اور میں تمھیں کالج سے صبح ہی پک کر لونگا اور تم پورا دن میرے ساتھ اسپینڈ کرو گی،،،،پلیز ڈئیر،،،

اچھا کل نہیں پرسوں کل میرا ایک اسائنمنٹ ہے ضروری اور ایک دو اور کام بھی ہیں،، منال نے یاد کرتے ہوئے کہا،،

Posted On Kitab Nagri

اوکے پھر پرسوں کا دن ہے میں کوئی بہانہ نہیں سنوں گا

اوک بائے

############

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

"کیا بول رہے ہو مانی 50 ہزار چاہیئے تمھیں"

منال جو کرن کے روم میں آرہی تھی اندر سے آتی آواز پر دروازے پر ہی رک گئی اور آواز سننے لگی

"مانی بات پیسوں کی نہیں ہے اور میں کیا اپنے بھائی کو ادھار دونگی پر پتا تو چلے کیا کام ہے اور کیا سفیان سے ابھی بھی بات بند ہے تمھاری

اچھا بابا ناراض مت ہو مجھے تو تمھارا یہ گھر گھر جا کر ٹیوشن پڑھانا بھی پسند نہیں ہے تم کہو تو میں اسد سے کہوں سفیان کو سمجھانے کے لئے فیس اچھا فون بند مت کرو نہیں کرتی کسی سے بات اچھا سنو میں گھر نہیں آرہی ورنہ رمشا کے سوالات شروع ہو جائیں گے اور یہاں تو ظاہر ہے وہ شیطان کی خالہ رہتی ہے میں لان کی دیوار پر رکھ کر تمھیں بیل دوں گی تم لے جانا،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا اب ڈائیلاگ نہیں بولو اور واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے سمجھے،،، کرن نے خدا حافظ کہہ کر فون رکھ دیا

منال جو باہر کھڑی تھی فوراً اپنے کمرے میں آئی اوہ تو یہ مزے آرہے ہیں ارمغان صاحب آپ کے اب دیکھو میں کرتی کیا ہوں تم دونوں بہن بھائی کے ساتھ وہ کھڑکی کھول کر سائیڈ میں پردے کے پیچھے کھڑی ہو گئی

Posted On Kitab Nagri

#########

ارمغان پیسوں کا لفافہ اٹھا کر جیب میں رکھتا گھر میں داخل ہوا تو شائستہ بیگم نے اسے روکا

مانی ابھی تو تم تیزی میں باہر گئے تھے کے ضروری کام سے جا رہا ہوں رکے بھی نہیں تھے اور ایک منٹ میں واپس بھی آ گئے

جی وہ میں اپنا بیگ بھول گیا تھا وہ لینے آیا ہوں

اس نے جلدی سے کہا

اچھا اب آ گئے ہو تو پہلے کھانا کھاؤ پھر کہیں جانا

شائستہ بیگم نے اسے روکا اور بشیر کو آواز دے کر کھانا لگانے کو کہا

چلیں ٹھیک ہے کیا پکا ہے ویسے،،،،وہ ان کے ساتھ کچن کی طرف آیا

دوپہر میں تو بس میں اور گھر کے نوکر ہی کھانا کھاتے ہیں تو کچھ بھی کھا لیتے ہیں ہم،،،،

Posted On Kitab Nagri

وہ کہتی ہوئی مانی کو لے کر کچن میں آ گئیں جہاں ٹیبل پر انڈے آلو دیکھ کر وہ خود بھی پریشان ہو گئیں مانی کو یہ سالن سخت ناپسند تھا،،،،،

سالن دیکھ کر مانی نے بشیر سے کہا

یار بشیر تمھارے ہاتھ ان انڈوں کی کبھی ماں نہیں آتی جو یہ بے زبان پکا لیتے ہو

ہیں کیا مطلب مانی صاب،،،بشیر نے نا سمجھی سے کہا

کچھ نہیں بھائی میں نے نہیں کھانا یہ،،،،موڈ خراب ہوا،،،،،
تو میں آپ کو آملیٹ بنادوں دو انڈوں کا،،،،،بشیر نے دانت نکالے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بشیر تم نے کیا قسم کھائی ہے کہ مرغی کی نسل ختم کر دو گے اسکے بچوں کو دنیا میں انے نہیں دو گے

شائستہ بیگم کا ہنس ہنس کر برا حال ہو گیا تو اسکی کمر پر ایک لگایا

کتنا فالتو بولنے لگے ہو مانی،،،

Posted On Kitab Nagri

اوکے ماں آپ کھائیں یہ کھانا میرا تو لگتا ہے اس گھر سے دانہ پانی آٹھ گیا ہے وہ تیزی سے وہاں سے نکل گیا

اللہ نہ کرے کتنا فضول بولتا ہے یہ لڑکا

سب گھر والے رات کا کھانا کھا کر لاونج میں بیٹھے کافی پی رہے تھے جب منال نے آکر سب کو مشترکہ سلام کیا

ارے میری مانو بلی کہاں تھیں بیٹا آپ نے کھانا بھی نہیں کھایا، عدنان صاحب نے پیار سے اسے دیکھا

ڈیڈ مانو نہیں پلیز،، منال نے منہ بنایا

اسد زور سے ہنسا،،،

ہاں بھئی ڈیڈ میں نے سنا ہے لوگ اب بڑے ہو گئے ہیں اور انھیں اپنا یہ نک پسند نہیں رہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں آپ سے تو اب بات ہی نہیں کر رہی آپ تو مجھ سے پیار ہی نہیں کرتے میرے تو صرف ڈیڈ ہیں،، منال نے اسد کو اموشنل کیا کرن نے دل میں ہنہہ کیا

(آگئی ہیں میڈیم پھر کوئی فرمائش لے کر)

Posted On Kitab Nagri

کیوں بھی کیا غلطی ہو گئی مجھ سے،،اسد نے ہنستے ہوئے کہا جانتا تھا منال کو جب بھی اس سے کوئی بات منوانی ہوتی تو ایسے ہی کرتی تھی

کہ اسے تو ڈیڈ کے علاوہ کوئی پیار ہی نہیں کرتا

اوکے بولیے منال خانزادہ آپ کو کیا چاہیے،،اسد نے کہا

اور منال نے فوراً کہا،،،"50ہزار روپے کیش"

کرن کو کافی کا پھندہ لگا اور منہ سے کافی باہر آگئی

اسد نے ناگواری سے کرن کو دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سوری کر کے پریشان نظروں سے منال کا چہرہ دیکھ رہی تھی جسکے چہرے کی مسکراہٹ نے کرن کا شک دور کر دیا تھا وہ منال کا ڈرامہ سمجھ گئی تھی

پچاس ہزار منال دماغ ٹھیک ہے تمھارا ابھی لاسٹ ویک تم نے شاپنگ کی ہے کل تمھارے ڈیڈ نے تمھاری پاکٹ منی دی ہے اسد نے الگ تمھارے اکاؤنٹ میں پیسے ڈلوائیں ہیں ماما ایک دم غصے سے بولیں

عدنان صاحب اور اسد نے بھی حیرت سے منال کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

مام ایک منٹ،،، منال کیوں چاہیے تمھیں اتنے پیسے،، اسد نے بہت سنجیدہ لہجے میں اس سے پوچھا

منال غصے سے بولی،،، نہیں چاہیے مجھے کوئی پیسے اب اور آپ مجھے کیوں دینے لگے پیسے آپ کے پیسوں پر تو آپ کے اس نشئی سالے کا حق ہے،،،

منال اپنی حد میں رہو میرے بھائی کا نام بھی نہیں لانا زبان پر،،،، کرن نے چیخ کر کہا

باقی سب حیرت سے دونوں کو دیکھنے لگے

اچھا میں حد میں رہوں اور آپ میرے بھائی کا پیسہ اپنے اس آوارہ بھائی پر لٹاتی رہیں

منال کیا بات ہے پوری بتاؤ،،،، بیگم ناز نے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مام انھوں نے آج پچاس ہزار اپنے بھائی کو دیے ہیں وہ بھی لان کی دیوار سے سب سے چھپ کر،،،

اور پتا ہے بھائی اسکا دوست ہے ناشعیب وہ بتا رہا تھا کہ ارمغان اب ڈرگز بھی یوز کر رہا ہے،،،، منال نے جلدی میں شعیب کا ذکر بھی کر دیا اور پھر پچھتائی

Posted On Kitab Nagri

اوہ تو یہ شعیب نے بتایا ہے سن لیا نا آپ نے خود میری بات پر تو آپ کو یقین نہیں آیا تھا کہ یہ ساری ساری رات اس سے بات کرتی،،،،،،،، کرن نے اسد پر طنز کیا

اور اسد کے تھپڑ نے کرن کا جملہ مکمل نہیں ہونے دیا

کرن نے حیرت سے اسد کو دیکھا وہ اپنے کمرے میں تو اسکی یہ حرکت برداشت کر لیتی تھی مگر یوں سب گھر والوں کے سامنے

منال بھی ایک دم ڈر کے چپ ہو گئی اسے اسد سے یہ امید نہیں تھی

کرن تیزی سے منال کو مارنے کے لئے بڑھی،،،،

اسے تو آج میں ٹھیک کرتی ہوں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسد نے اسے کھینچ کر صوفے پر گرایا

اسد یہ کیا حرکت ہے تمھیں اب ماں باپ کا بھی لحاظ نہیں رہا ہے عدنان صاحب نے مداخلت کی

اسد نے کرن کا ہاتھ پکڑ کر کھڑا کیا اور کہا دفعہ ہو جاؤ یہاں سے

کرن تیزی سے اٹھی اور گھر سے ہی نکل گئی

منال وہاں سے جانے لگی تو عدنان صاحب نے اس کہا

Posted On Kitab Nagri

منال کیا حرکت تھی یہ کیوں کیا تم نے ایسا،،،،،

ڈیڈ میں جھوٹ نہیں بول رہی بھابھی نے خود،،،، منال نے آہستہ سے کہا

انف منال اپنے کمرے میں جاؤ فوراً،،،،،، اسد نے غصے سے کہا

ناز بیگم نے موقعے کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے کہا،،،،،
وہ تو آج منال نے دیکھ لیا پتہ نہیں کتنا پیسہ لٹا چکی ہو گئی کرن،،،،

میں نے کہا نہ اب کوئی بات نہیں ہو گی اس ٹاپک پر،،،، اور اسد تم نے یہ بہت غلط حرکت کی ہے جاؤ اور کرن کو لے کر آؤ اتنی بڑی رقم نہیں ہے یہ کہ تم اپنی بیوی سے اسے پیش آؤ،،، عدنان صاحب نے غصے سے کہا

آپ جانتے ہیں ڈیڈ بات پیسوں کی نہیں ہے یہ اسکے اپنے ہی پیسے تھے میں اندھا یا بیوقوف نہیں ہوں جو اپنا مال اڑانے دوں

تو اس سارے تماشے کا کیا مطلب تھا اسد

Posted On Kitab Nagri

ناز بیگم نے حیرت سے کہا

اسکی دلیری پر مارا ہے میں نے وہ میری بہن پر سب کے سامنے کیچڑ اچھال رہی تھی

ہاں دیکھو کیا بکواس کر رہی تھی ارے شوبی تو اسکا بچپن کا دوست ہے کبھی کبھی فون کر لیتا ہے

مانی جیسا آوارہ نہیں ہے امریکہ جا رہا ہے اسٹڈی کے لئے اور بڑا برائٹ فیوچر ہے اسکا،، ناز بیگم نے جلدی سے بات سنبھالی

بس خاموش دوبارہ یہ الفاظ منہ سے نہیں نکلیں منال کے لئے میں اگر ایسے ہی کسی لڑکے کے بارے میں سوچوں تو ارمغان میں کیا برائی ہے عدنان صاحب نے ایک دم غصے میں آ کر کہا

ڈیڈ پلیز نا شعیب اور نہ ارمغان بلکہ آپ ارمغان کا نام بھی کیسے لے سکتے ہیں وہ آوارہ شرابی ہی رہے گیا ہے میری بہن کے لیے زہر لگتا ہے وہ مجھے،،،، اسد نے برا سا منہ بنا کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تمھاری ماں کو یہ ہی سمجھا رہا ہوں کہ منال کے لیے کچھ بہترین ہو گا اس کے معیار کے مطابق اور اب آپ منال سے کچھ نہیں کہیں گی بس خاموشی سے نظر رکھیں کرن غلط نہیں بول رہی تھی،،،، عدنان صاحب نے دونوں سے کہا،،،

اور اسد تم اگر لینے نہیں جا رہے ہو تو اسکو فون تو کر دو وہاں کوئی تماشہ نہیں ہو جائے

Posted On Kitab Nagri

ڈیڈا ابھی اسکو ایک دو دن وہاں ہی رہنے دیں یہ اسکی سزا ہے اور ویسے بھی اسکو جن عیش کی عادت لگ گئی ہے دو دن بعد وہ خود آجاے گی

تھوڑا مزا ارمغان کو بھی آنے دیں تا کہ آئندہ وہ یہ حرکت نہیں کرے،،،اسد نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

میں ارمغان سے بات کرتا ہوں بس بہت ہو گئی پڑھائی اب بزنس میں آئے،،،،،
عدنان صاحب نے کہا اور اسد جو وہاں سے جا رہا تھا ایک دم پلٹ کر آیا بیگم ناز نے بھی حیرانی سے شوہر کو دیکھا

ڈیڈ یہ آج آپ کو کیا ہو گیا ہے میں بالکل نہیں چاہتا کی مانی اس بزنس میں آئے سفیان کی بات الگ ہے پر وہ پلیز ایسا سوچیے گا بھی نہیں

یار لوگ اب مجھ سے اسکی شکایت کرتے ہیں وہ بہت بگڑ رہا ہے میں اپنے مرحوم بھائی کے آگے،،،عدنان صاحب کی بات بیچ میں رہے گئی

ڈیڈ چچا جان کی زندگی میں بھی وہ ایسا ہی تھا اور وہ جس دن بزنس میں آ گیا نا مجھے گھر بیٹھا دے گا ایک نمبر کا فراڈیا بلیک میلر ہے وہ
اسد بولتے ہوے باہر جانے لگا اور مجھے رات کو دیر ہو جائے گی میں جا رہا ہوں
عدنان صاحب نے غصے سے اپنی بیوی کو دیکھا اور بولے ابھی جن برائیوں کا ذکر تمھارا یہ بیٹا کر رہا تھا نہ وہ سب اسمیں بھی موجود ہیں سو جائیں جا کر کیونکہ یہ اب نہیں آتا صبح سے پہلے اور پھر بھی مانی شرابی ہے عدنان صاحب غصے سے وہاں سے چلے گئے

#########

Posted On Kitab Nagri

ادھر سلمان خانزادہ کے گھر بھی طوفان آیا ہوا تھا کرن رو رہی تھی اور سفیان غصے میں چیخ رہا تھا

کہتا تھا آپ سے نظر رکھیں اسپر اس کے دوست اچھے نہیں ہیں پر میں تو دشمن ہوں اسکا اور کرن تم کیا ضرورت تھی اسے پیسے دینے کی مجھ سے مانگتا تو کیا میں نہیں دیتا اسے پر اسکے تو نشے ٹوٹ رہے ہیں نا بس ماں آج فیصلہ کرو میں اور ذلت برداشت نہیں کر سکتا،،،،

سفیان کا برا حال تھا غصے سے

کرن تم پریشان نہیں ہو کل میں اسد سے بھی بات کرتا ہوں یہ کیا طریقہ ہے،،،سفیان نے روتی ہوئی بہن کو چپ کروایا

مجھے تو بھائی بھابھی پر حیرت ہے اسد کو روکا نہیں انھوں نے بھتیجی نہ سمجھتے بہو ہی سمجھ لیتے،،،،،شائستہ بیگم نے کرن کو چپ کراتے ہوئے کہا جو مسلسل رو رہی تھی

رات تین بجے جب مانی گھر آیا اور سب کو ساتھ بیٹھا دیکھ کر ابھی کچھ سمجھتا کہ سفیان تیزی سے اسکی طرف بڑھا اور گریبان سے پکڑ کر اسکو مارنا شروع کر دیا دیکھ لو اپنی بے غیرتی کا انجام اسد نے مار کر کرن کو گھر سے نکالا ہے شائستہ بیگم جلدی سے بیچ میں آئیں سفیان میں اس سے بات کرتی ہوں تم جاؤ اپنے کمرے میں،،،،،

Posted On Kitab Nagri

رمشا جو بہت دیر سے خاموش بیٹھی تھی بولی ہاں سفیان آپ چلیں کیوں کہ ایک آپ ہی تو بیوقوف ہیں یہاں آ گیا ہے مما کا لاڈلہ

اور سفیان کے ساتھ ہی کمرے سے نکل گئی شائستہ بیگم مانی کے پاس آئیں جو اپنی شرٹ سے چہرے کا خون صاف کر رہا تھا اسکا ہونٹ پھٹ گیا تھا

منال نے سب کو بتایا ہے کہ تم ڈرگز بھی لینے لگے ہو مانی مجھے بتاو کیا منال سچ بول رہی ہے

مانی نے ایک دم ہنستے ہوے کہا،،،"ماں میں اتنا اعتبار کے قابل کب ہو گیا کہ آپ مجھ سے سچ سننے آگیں ہیں میرے بارے میں تو ہمشہ باہر کے لوگ سچے ہوتے ہیں کبھی منال نے کہا، کبھی رمشا نے کہا، کبھی بڑے پاپا، کبھی اسد نے کچھ کہا اور آپ میرے پاس آگئیں بتاؤ یہ سچ کہہ رہا ہے یا نہیں

مگر ماں پتا ہے مجھ سے پوچھنے سے بھی پہلے آپ اور بھائی لوگوں کی باتوں پر یقین کر چکے ہوتے ہو مجھ سے تو بس ایسے ہی پوچھا جاتا ہے،،،،وہ طنزیہ مسکراتے ہوئے کہنے لگا۔

مانی بات مت گھوماو جواب دو مجھے کیا سچ ہے،، کیا تم واقعی ڈرگز،،،،،،ماں غصے سے چیخیں،،،،،

مانی نے انکو کندھوں سے پکڑا اور انکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

ماں مانو بلکل سچ کہہ رہی ہے،،،،اور تیزی سے کمرے سے نکل گیا

Posted On Kitab Nagri

پیچھے کرن اور ماما حیرت سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگی

#########

پروگرام کے مطابق شعیب نے اسے صبح ہی کالج سے پک کر لیا اور گاڑی کو تیزی سے لے جانے لگا

کیا ہوا ہنی تم اتنی چپ کیوں ہو کسی نے کچھ کہا ہے کیا

نہیں بس میری طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے وہ تو تم سے وعدہ کر لیا تھا اسلیے اگئی ہوں پر شوبی مجھے کچھ اچھا نہیں رہا

پلیز تم مجھے کالج چھوڑ دو

منال کل رات کے واقعے سے کافی ڈسٹرب تھی،،،

ارے کیا ہوا میلے بے بی کو تم آج چلو تو میرے ساتھ دیکھنا کیسے تمھارا موڈ اور طبیعت فریش کرتا ہوں،،،،،،شوبی

نے زو معنی انداز میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا مطلب شوبی ہم کہا جا رہے ہیں،،،،،،منال نے چونک کر دیکھا تو گاڑی اسکے اسکول کے سامنے رکی تھی اسے

ایک دم بہت کچھ یاد آیا

شوبی ہم یہاں کیوں آئے ہیں اسنے غصے سے شعیب کو دیکھ پھر چیخی

"فوراً چلو یہاں سے"

Posted On Kitab Nagri

منال ہر بات کی شروعات تو یہاں سے ہی ہوئی تھی جو شروع تم،،،،،،،شوبی کی بات ادھوری رہے گئی

،ٹھیک ہے تم رکو یہاں میں جارہی ہوں منال نے گیٹ کھولا
اچھا پلیز بند کرو گیٹ چل رہا ہوں یہاں سے مجھے لگا تمھیں اچھا لگے گا ہمارا بچپن گزرا ہے یہاں پر چلو تمھیں کالج چھوڑ دوں بہت شکریہ تم میرے کہنے سے آئیں
شوبی نے گاڑی اسٹارٹ کردی منال بالکل خاموشی سے راستوں کو دیکھ رہی تھی وہ شوبی کو کیسے بتاتی کے اسکے بچپن میں کوئی اور بھی تو اسکے ساتھ تھا ہر جگہ ہر وقت اور اب وہ کہیں بھی نہیں تھا
اسکے خیالوں کو شوبی کے بجتے ہوئے موبائل نے توڑا اسکی بہن کا فون تھا وہ ایک دم پریشان ہو گیا

"کیا ہوا شوبی سب خیر ہے" منال نے پریشانی سے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں یار بجو اپنے واش روم میں سلیپ ہو گئی ہیں اور نعمان بھائی بھی اسلام آباد گئے ہوئے ہیں اگر تم کہو تو پہلے وہاں چلیں انکو لیتے ہوئے تمھیں کالج چھوڑ دونگا
راستے میں ہی ہے انکا گھر ہے اب میں اکیلے کیسے بجو کو لا سکتا ہوں

Posted On Kitab Nagri

ہاں چلو میں تمھارے ساتھ چلتی ہوں اور وہ دونوں ایک بوسیدہ سے فلیٹ کے کمپاونڈ میں آ گئے گاڑی سے نکل کر منال نے حیرت سے بلڈنگ کو دیکھا شوبی تم لوگ تو اپر کلاس سے ہو تمھاری بجو یہاں رہتی ہیں،،، منال کا دل براہوا اسے یقین نہیں آرہا تھا

اف منال ایک تو میں تمھاری اس فینٹیسی لائف سے بہت تنگ ہوں۔ میں پریشان ہوں اور تم بلڈنگ میں اپنا میعار ڈھونڈرہی ہو جلدی چلو اوپر

وہ منال کا ہاتھ پکڑ کر اوپر لایا ایک فلیٹ میں داخل ہو کر اس نے آواز لگائی بجو بجو اور منال کا ہاتھ پکڑ کر بیڈروم میں لے آیا

کمرے میں دن کے وقت بھی اندھیرا تھا منال کو کچھ عجیب سا لگا اسنے اپنا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی مگر شوبی کی گرفت سخت تھی شوبی نے لائٹ جلائی منال نے شوبی کو غصے سے دیکھا،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا حرکت ہے یہ شوبی پاگل ہو گئے ہو،،،،،،

شوبی کا ہاتھ اٹھا اور منال کے گال پر نشان چھوڑ گیا

ہاں پاگل ہی تو ہوں جو اتنے عرصے تمھارے ہاتھوں بیوقوف بنا ہوں مگر آج میں اپنی ساری بے عزتیوں کا بدلہ لونگا تم سے اور تمھارے اس بلیک میلر کزن سے،،،،،

شعیب نے منال کو بیڈ پر دھکا دیا،،، منال تیزی سے اٹھی

Posted On Kitab Nagri

شوبی اللہ کے واسطے یہ ظلم مت کرو تمھاری جو بھی دشمنی ہے ارمغان سے ہے میں نے تو کچھ نہیں کیا دیکھو ہم تو ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں،،،،،

منال نے شوبی کے ہاتھ جوڑے

شعیب نے اسے بالوں سے پکڑ لیا

ہاں ہم تو محبت کرتے ہیں پھر کیا مسئلہ ہے تمھیں،،، سوئٹ ہارٹ

منال کیا لگا تھا تمھیں تم مجھے محبت کا لارا لگا کر اپنے اس کزن کو جلاؤ گی اور میں الو کا پٹھا ہوں جو کچھ سمجھوں گا ہی نہیں،،،،شوبی نے گھور کر منال کو دیکھا

منال کمرے سے بھاگنے لگی تو شوبی نے اسے پکڑ کے دو تین تھپڑ لگائے

منال یہ تھپڑ جواب ہیں اس بے عزتی کا جو تمھارا ہاتھ پکڑنے پر اس کتے نے بھری کینٹین میں میری کی تھی،،،،

اور یہ کہتے ہوئے شوبی نے منال کو دوبارہ بیڈ پر پٹخا اور ابھی وہ جھکا ہی تھا کے کوئی بہت تیزی سے کمرے میں آیا اور شعیب کو گریبان سے کھینچا

شوبی اس حملے کے لئے تیار نہیں تھا وہ زمین پر جا گرا اور جیسے ہی سیدھا ہوا ارمغان کو اپنے سر پر کھڑا دیکھا،،، ،ہکلایا،،، مم مانی تم یہاں تمم تو یونیورسٹی گئے تھے،،، شوبی کے ہاتھ پاؤں پھول گئے

Posted On Kitab Nagri

غلط اطلاع ملی تھی تمھیں میں تو آج یونی گیا ہی نہیں میں تو سو رہا تھا کل رات پھر کچھ پرانے دوستوں کی کرم نوازیوں سے عزت افزائی ہوئی تھی اب کیا اس سوجھے ہوئے ہونٹ سے یونی جاتا

منال نے اسکا چہرہ دیکھا جو سوجھ رہا تھا اور ہونٹ پر خون کی پپڑی سی جمی تھی وہ شاید سوتا ہوا اٹھ کر آیا تھا

مانی میں قسم کھاتا ہوں یہ خود اپنی مرضی سے آئی ہے میں تجھے اس کی اصلیت ہی دیکھانا چاہتا تھا،،،وہ گھگیا کر اب الٹا سیدھا بول رہا تھا

مانی کے ایک گھونسے نے اسے بات مکمل نہیں کرنے دی،،،

شعیب نے مانی کو کالر سے پکڑ کر ایک لات ماری،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تجھے سمجھ نہیں آرہی یہ اپنی مرضی سے یہاں آئی ہے،،،،،شوبی نے اس کو مارتے ہوئے کہا

منال نے حیرت سے شوبی کو دیکھا

شوبی!بس اب ایک اور لفظ نہیں بولنا اسکے بارے میں تیری اس بیغرتی کا جواب تو میں تیری دونوں بہنوں کو اٹھوا کر یہاں تیرے سامنے،،،،،،

Posted On Kitab Nagri

ارمغان میری بہنوں کا نام بھی نہیں لینا ورنہ،،، شوبی چیخا
ورنہ کیا تیری طرح بے غیرت نہیں ہوں دوست کی عزت کو اپنی عزت سمجھتا ہوں،،،،
کہا تھا دور رہے اس سے تو سب جانتا تھا تونے چھرا گھونپ دیا میری پیٹھ میں،،، مانی نے پھر شوبی کو گھونسا مارا

یار مانی میں بہک گیا تھا یہ روز مجھے فون کرتی تھی یہ آوارہ ہے یہ ہم دوستوں کے بیچ،،،،

اور بس مانی کی بس ہو گی اسنے شعیب کو گھونسوں اور لاتوں پر رکھ لیا جب شعیب نے ادموا ہو کر مانی کے ہاتھ جوڑے مانی نے اسکا کالر چھوڑا شوبی زمین پر گرا
مانی نے اسکی جیب سے والیٹ نکال کر اسمیں سے رقم نکالی اور کریڈیٹ کارڈ واپس شعیب کی جیب میں ٹھونس دیئے اور پھر اسنے شوبی کا زمین پر گرا موبائل اٹھایا جس کی اسکرین ٹوٹ گئی تھی مانی نے وہ اپنی جیب میں رکھا تو شوبی کو ہوش آیا

مانی میرا فون واپس کرو تم میرا یہ کارڈ لے لو جتنے پیسے چاہیے نکال لو مانی میں کسی کو کچھ نہیں بتاؤں گا یار جو تم کہو گئے وہ ہی کرونگا ویسے بھی اس میں منال کی کوئی تصویر نہیں ہے اور صبح یہاں آنے سے پہلے اسکے سب میسج نمبر سب ڈلیٹ کر دیا تھا میں کوئی بھی ثبوت نہیں چھوڑنا چاہتا تھا پلیز میرا اسیل مجھے دے دو،،،،،
شوبی نے اسکے ہاتھ جوڑے،،، جانتا تھا وہ کتنا بڑا ہیکر ہے

Posted On Kitab Nagri

مانی نے جھک کر اسکو گریبان سے اٹھایا اتنے میں ایک اور لڑکا کمرے میں آکر کھڑا ہوا

مانی نے شعیب کو کھڑا کر کے بیڈ پر پھینکا اور بولا

تجھے پتا ہے شوبی ہم سب جن ہیں اور جیسے جن کی جان طوطے میں ہوتی ہے نہ اسطرح ہماری جان اس موبائل میں ہوتی ہے تو یہ تیری اور میری دونوں کی زندگی کی حفاظت کرے گا تیری نشانی ہے یہ میرے پاس تم امریکہ جا رہے ہو،،،،،،

اور پھر اس لڑکے سے بولا

"ڈاکٹر کہاں ہے"

مانی بھائی وہ باہر کھڑا ہے آپ ان محترمہ کو لے کر نکلیں،،،،،،

مانی نے گریبان سے اس لڑکے کو پکڑا اور غصے سے گھورتے ہوئے کہا،،،،

"کون محترمہ"

وہ لڑکا ایک دم گھبرا گیا،،،،

کوئی نہیں بھائی یہاں ہم تینوں کے علاوہ کوئی نہیں ہے کوئی لڑکی نہیں ہے

یہ بھائی صاحب تو مجھے سڑک پر ملے ہیں دو لڑکے ان کا موبائل پیسے اور گھڑی چھین کر بھاگے ہیں اب آپ جاؤ بھائی میں انکی مرہم پٹی کرا کر گھر چھوڑتا ہوں،،،،ڈر کر جلدی سے کہا

Posted On Kitab Nagri

مانی منال کے پاس آکر رکا اور اسے دوپٹے سے نقاب کر کے نیچے اترنے کا کہا

منال نے ایسا ہی کیا مانی کے نکلتے ہی ایک اور لڑکا کمرے میں آیا شوبی اب ان دونوں کے رحم و کرم پر تھا
مانی نے بہت تیز بائیک چلاتے ہوئے گھر کا راستہ دس منٹ سے بھی پہلے طے کیا
وہ منال کو گھر کے بیک ڈور کے پاس لے آیا جہاں تالا لگا تھا اسنے منال کو کہا

"مجھے پتا ہے تماشہ لگانا تمھارا شوق ہے پر یہ بات کوئی اتنی قابل فخر نہیں ہے اور نہ یہ جگہ مناسب ہے"
دیوار پر چابی ہوتی ہے اس پتھر پر چڑھ کر اتار لینا اور پہلے چھت پر جانا اپنا حلیہ ٹھیک کرنا،،،،،
بائیک پر بیٹھے منال سے منہ موڑے ہی کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منال نے اسے کچھ کہنے کے لئے منہ کھولا پر مانی تیزی سے بائیک لے کر نکل گیا پیچھے صرف دھول رہے گئی
منال چھت پر بنے کمرے میں آئی اسی جگہ جہاں کھلتے کھلتے محبت کی شروعات ہوئی تھی اور پھر نفرت کی ابتدا بھی یہاں سے ہی ہوئی تھی منال نے ذھین پر زور ڈالا کیا ہو تھا ایسا کہ بات اتنی بڑھ گئی تھی اسد کی مہندی کی رات،،،،،،ہاں کتنی آسانی سے مانی نے اسے چھوڑ دیا تھا
تو تم میرے لئے بھی نہیں چھوڑ سکتے،،یہ اہمیت ہے میری تو ٹھیک ہے پھر تمھیں کیا لگتا ہے مانی خوابوں کی دنیا دیکھا کر بیوقوف بنا لو گے اور میں آنکھیں بند کر کے تمھارے پیچھے چلوں گی میں یہ زندگی نہیں گزار سکتی میرا

Posted On Kitab Nagri

بھی کوئی اسٹینڈرڈ ہے میں ایسی پھٹیچر زندگی نہیں گزار سکتی تم نے کبھی خود کو غور سے دیکھا ہے اور میرا لائف اسٹائل دیکھا ہے پہلے مجھے غور سے دیکھو، کیا کامن ہے ہمارے درمیان خالی محبت سے کیا ہوتا ہے بولو،،،،،،

ٹھیک کہہ رہی ہیں منال عدنان خانزادہ میں نے تو آج ہی غور سے دیکھا ہے تمھیں اتنے عرصے تو محبت کی پٹی بندی تھی میری آنکھوں پر

تم پر تو میں ایک نظر ڈال کر دوبارہ نہیں دیکھوں تم ہو کیا تم میں وہ بات ہی نہیں ہے جو ارمغان خانزادہ کو چارم کر سکے،،،بہت غور سے منال کا سجا سنوارا روپ دیکھ کر طنز کیا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

مانی اپنی اوقات مت بھولو جانتے ہو کس کو کہہ رہے ہو کون ہوں میں،،،،،وہ غرائی

آج ہی تو جانا ہوں کہ آپ ناز عدنان خانزادہ کی بیٹی اور اسد خانزادہ کی بہن ہو منال خانزادہ، جس کے ہاتھوں میں بہت عرصے پاگل بنا ہوں
تو منال خانزادہ سن لیں آپ مجھے آپ کی آفر نا منظور ہے اور میں آپ کو تو چھوڑ سکتا ہوں پر اپنا لائف اسٹائل نہیں کیونکہ تم میں وہ بات ہی نہیں جو کیسی مرد سے کچھ بھی چھڑا سکے

اللہ حافظ

اور وہ چلا گیا تھا

############

منال نے اپنا چہرہ دیکھا تو واقعی مانی اس چہرے میں ایسی کوئی بات نہیں تھی جو تم نے آج بھی آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھا لیکن پھر اس چہرے کے پیچھے خوار کیوں ہوئے پھرتے ہو سارے شہر میں،،،
ایک ایک پل کی خبر کیوں رکھتے ہو،،،

Posted On Kitab Nagri

منال دکھ سے مسکرائی

اب تو سب ختم ہی ہو چکا تھا وہ نیچے تیزی سے اتر گئی

###########

پھر شعیب باہر چلا گیا اور منال کی خاموشی کو سب شعیب کا جانے سے ہی جوڑتے تھے منال کو پتا تھا مانی کسی کو کچھ نہیں بتائے گا

اسکا احساس جرم اور بڑھ گیا تھا

کرن کے بیٹا ہوا اور گھر بھر میں رونق ہو گئی تھی منال بھی اپنے غم بھلا کر اپنے بھتیجے کی خوشیاں منا رہی تھی اسنے اپنی پڑھائی پر اپنا سارا فوکس کر لیا تھا

مانی نے انٹرن شپ کے بعد اسی فرم میں جاب کر لی تھی اسکے علاوہ وہ فری لارنس بھی کام کرتا تھا اور شام میں ایک انسٹیٹیوٹ بھی جوائن کر لیا تھا کبھی کبھی وہ بیس بیس گھنٹے بغیر آرام کئے کام کرتا تھا،،،ایک جنون تھا،،،پیسے کمانے کے لئے وہ مشین بن گیا تھا

##########

چار سال بعد

Posted On Kitab Nagri

مانی کیا سو گئے,,,,,شائستہ بیگم نے کافی دیر بعد اسکی خاموشی سے گھبرا کر آواز دی وہ اس وقت مانی کے گھر آئی ہوئی تھیں اور مانی انکی گود میں سر رکھ کر لیٹا ہوا تھا

نہیں ماں جاگ رہا ہوں سکون مل رہا ہے اسلئے چپ ہوں

تو کیوں رہتے ہو اکیلے اس گھر میں،،،،میں پریشان رہتی ہوں تمھارے لئے کون ہے یہاں تمھارا خیال رکھنے والا

ماں مجھے عادت ہو گئی ہے اکیلے رہنے کی گھر آنے کا کوئی ٹائم نہیں ہے میرا اور یہ آپ کو اپنا پوتا اور نواسہ یاد آرہا ہو گا اسلیے اب آپ جانا چاہتی ہیں تو پریشان نہ ہوں صبح آپ کو چھوڑتا ہوا آفس جاؤنگا،،،

دیکھا آ گئی نہ ہنسی جانتا ہوں میں شاہ میر کے بغیر آپ کا دل نہیں لگتا،،،،

تو اسلیے ہی تو کہہ رہی ہو شادی کر لو تم بھی کچھ رونق لگ جائے یہاں بھی،،،انھوں نے ہنس کر کہا

چلو آپ کی رونق کے لئے کسی لڑکی کی زندگی برباد کر دوں،،اس نے ہنسی میں بات اڑائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جب بولنا الٹا ہی بولنا میرے شھزادے بیٹے کی زندگی میں تو جو آئے گی اسکی قسمت پر تو زمانہ رشک کرے گا

مانی زور زور سے ہنسنے لگا

اس میں ہنسنے کی کیا بات ہے ماروں گی مانی،،،،ماں نے ہلکے سے ایک تھپڑ لگاتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

ماؤں کو اپنے بیٹے شہزادے ہی لگتے ہیں،،ورنہ ماں میرے ساتھ کوئی لڑکی نہیں رہے سکتی،،،،،میں فیملی مین نہیں ہوں،،

،،مانی نے نیند میں جاتے ہوئے کہا

جب بولنا الٹا ہی بولنا،،،

ارے ہاں تمھیں تو میں بتانا ہی بھول گئی منال کی بھی شادی طے ہو گئی ہے ارب پتی ہے لڑکا کرن بتا رہی تھی لندن میں اسکا وہ لائف اسٹائل ہے جو یہاں وزیروں کا ہوتا ہے،،شاید بیوروکریسی کا کوئی افسر،،،،،

مانی مانی اسکے ہلکے ہلکے خراٹوں نے احساس دلایا کے وہ کب کا سو چکا ہے شائستہ بیگم نے آہستہ سے اسکا سر اپنی گود سے ہٹا کر تکیے پر رکھا اور کمرے کی لائٹ آف کر کے خود بھی سونے چلی گئیں

کرن تم تو کہہ رہی تھیں کے منال شادی ہو کے باہر جائے گی پر رمشا تو بول رہی ہے ابھی وہ کچھ دن کراچی میں رہے کر پھر اسلام آباد میں رہے گی تو جب وہ لڑکا باہر رہتا ہے تو یہ کیوں پاکستان میں رہے گی،،،شائستہ بیگم نے حیرانی سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مما شہریار کا بزنس ہے لندن میں اور یہاں پاکستان میں بھی اسکا بزنس ہے تو وہ دونوں جگہ رہے گا اور اسکے لیے کیا مسئلہ ہے باہر جانا وہ جب چاہے جا سکتا ہے اور منال کو بھی وہ ساتھ ہی رکھے گا بس کچھ دن منال کراچی میں رہے گی دراصل اسکی فیملی کے کچھ ایشو ہیں پر پلیز آپ رمشا کے سامنے یہ سب کچھ نہیں بولیے گا

Posted On Kitab Nagri

اچھامیں کیابولوں گی اسے سفیان سے ہی پتا چلتا ہے،،،

اچھا کرن تم نے مانی کو فون کیا تھا کیا کہہ رہا تھا آئیگا شادی میں،، ممانے بہت آس سے پوچھا

فون تو میں نے کر دیا تھا پر وہ جلدی میں تھا بس یہ کہہ کر فون رکھ دیا کہ دیکھے گا ٹائم ہوا تو آجاے گا

ممایہ مانی کچھ مشکوک حرکتیں نہیں کرنے لگا ہے اجکل، اسد کہہ رہے تھے

بس کرن اسد سے کہو اب پیچھا چھوڑ دے اسکا چلا تو گیا ہے وہ یہاں سے کیا چاہتے ہو تم لوگ کے مہینہ بھر بعد جو وہ مجھ سے ملنے آتا ہے وہ بھی نہیں آیا کرے

مما کیا ہو گیا ہے آپ کو میں تو ایسے ہی بول رہی تھی اور اسد کو تو میں نے آپکا والا ہی جواب دیا ہے

######$#######

آج منال کی مایوں تھی سارے گھر میں ہلچل سی مچی ہوئی تھی مایوں کا انتظام گھر کے لان میں ہی کیا گیا تھا ویسے بھی منال کے سسرال سے کوئی نہیں آرہا تھا بس خانزادہ کے رشتے دار اور دوست ہی انوائیٹڈ تھے

ارمغان گھر آیا تو شائستہ بیگم جانے کی تیاری میں تھیں

خاتون آپ کون،،، پلیز زرا میری ماں کو بلادیں،،، مانی نے انکے گلے لگتے ہوئے کہا

ہٹو پیچھے ایسے گندے حلیے والے کسی بچے کی ماں یہاں نہیں ہے

مانی ایک دم قہقہ لگا کر ہنسا اوہ ہو اب بولی ہیں تو پتا چلا آپ ہی ہیں ماں خیر ہے اتنی تیاری لگتا ہے منال سے زیادہ آپ خوش ہیں اسکی شادی پر،، مانی نے ہنستے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

اچھا باتیں مت بناؤ اور یہ کس طرح آگے ہو،،،گھر میں مہمان ہیں جاؤ اپنے کمرے میں شکر میں نے سوٹ سلوا لیا تھا تمھارا جا کر پہنوں،،،انھوں نے اسے کمرے میں دھکیلتے ہوئے کہا

ماں اس حلیہ میں بھی ابھی وہاں چلا جاؤں نا تو دیکھے گا پھر چراغوں میں روشنی نہیں رہے گی اور منال کے اس نمونے سے تو بہت زیادہ ہینڈسم ہوں،،،،مانی نے ہنستے ہوئے انھیں چڑایا

مانی بری بات کسی کی شکل کا مذاق نہیں اڑاتے اچھا بس جاؤ تیار ہو کر آؤ،،،

لو جی میں تو آیا ہی منال کے سامنے آسکے نمونے کا مذاق اڑانے تھا اور آپ میرے ارمان ٹھنڈے کر رہی ہیں ،،،ٹھنڈی سانس بھر کر کہا

نہیں بیٹا بچی کا دل برا ہو گا مجھے تو یقین ہی نہیں آتا منال اس رشتے کے لئے مان کیسے گئی ایسی تو نہیں تھی وہ،،،،
ماں وہ ہمشہ سے ایسی ہی تھی پیسے پر مرنے والی،،،،
مانی کہتا ہوا اپنے کمرے میں آگیا کاوچ پر بیٹھ کر اسنے سگریٹ جلایا اور کیش لینے لگا چہرے کی ہنسی بھی اب غائب تھی،،،،

پھر ٹہلتا ہوا کھڑکی کے پاس آیا اور کرٹن ہٹا کر لان میں دیکھا،،،،،

Posted On Kitab Nagri

منال کو اسکی کزنز باہر لا کر بیٹھا رہی تھیں منال کی پیٹھ تھی اس طرف پھر اسے جھولے میں بیٹھا دیا گیا جو سجا ہوا تھا اور اسکی دوستیں اور کزنز نے اسے گھیرا ہوا تھا مانی کو اب اسکا چہرہ نظر آرہا تھا وہ سامنے کھڑا اسکو دیکھتا رہا

،،بہت سنجیدہ چہرہ کسی بھی تاثر سے خالی تھا،،

ہاتھ میں پکڑی سگریٹ جل جل کر ختم ہو رہی تھی اسکی انگلی جلی مانی نے سگریٹ پھینکا اور ہاتھ کو دیکھا،،،،

منال کو کسی کی نظروں کا احساس ہوا تھا یا اسکی دوست نے اسکے کان میں کچھ کہا جھکا چہرہ ایک دم اونچا ہوا سامنے دیکھا۔دونوں کی نظریں لمحے کے لئے ملیں تھیں،،اور اسے لگا ہر چیز رک گئی ہے،،،،،۔

مانی تیزی سے وہاں سے ہٹا پردہ بھی کھینچ کر پھیلا دیا

یہ دیکھے بغیر کے کسی کی آنکھیں کھڑکی سے ہی بند گئی ہیں،،،،

مانی بیڈ پر آ کر لیٹ گیا ماں کا بنایا ہوا ڈریس بھی اسنے صوفے پر بے دلی سے پھینک دیا تھا

ہر چیز سے اسکی دلچسپی جیسے ختم ہو گئی تھی

آنکھوں کے کنارے بھیگے،تو اسنے خود کو دھمکی دی

نہیں ارمغان خانزادہ آج نہیں اب اور نہیں بس آج سب ختم ساری محنت سارا سفر ختم اسلئے ہی آج آیا ہوں یہاں بس کہانی ختم،،،،،،،

##########

Posted On Kitab Nagri

مانی یہ کیا ابھی تک ایسے ہی بیٹھے ہو چلو تیار ہوا پنے بڑے پاپا سے ملو جا کر،،شائستہ بیگم دوبارہ کمرے میں ائیں،،،،،،

کیا ہوا مانی،،،،

پتا نہیں ماں آنکھ میں کچھ چلا گیا ہے لیٹا ہوا تھا شائد بیڈ شیٹ پر کچھ کچرا ہے مانی نے اپنی آنکھیں مسلیں جو بہت ریڈ ہو رہی تھیں،،،،

ثریا سے روز کہتی ہوں کے تمھارے کمرے کی بھی صفائی کرے پر وہ ٹال جاتی ہے ابھی کرواتی ہوں

اچھا تم پانی ڈالو آنکھ میں کیسی سرخ ہو رہی ہیں،،،،،،

جی بس میں ڈالتا ہوں،،،،،مانی باتھ روم میں چلا گیا

منہ پر چھپکے مار رہا تھا کہ اسے رمشا کی آواز آئی آوازیں تو اور بھی بہت سی آرہی تھیں جیسے بہت سے لوگ ایک ساتھ بول رہے ہوں مانی جلدی سے باہر آیا

مما آپ یہاں ہیں آپ کو پتا ہے باہر کیا ہو رہا ہے رمشا نے پھولی ہوئی سانسوں سے بتایا

کیا ہوا ہے سب خیر ہے

نہیں مما خیر ہی تو نہیں ہے،،،،،رمشا نے گردن ہلائی

مانی نے غصے سے کہا،،،،

اب آپ بتائیں گی بھی کہ باہر ایسا کیا ہوا ہے

Posted On Kitab Nagri

اوہ ہاں وہ دولہا بھاگ گیا ہے،،،،رمشا نے بھونڈے طریقے سے بتایا

رمشا کیا باؤلی ہو گئی ہو،،،،شائستہ بیگم نے ڈانٹا،،

مما سچ کہہ رہی ہوں کل رات نیب کا چھاپہ پڑا تھا شہریار تو نہیں ملا مگر اسکے گھر کے بیس منٹ سے نوٹوں کے بڑے بڑے کارٹن ملے ہیں جو اسوقت نیب کے قبضے میں ہیں اور کراچی والا گھر بھی سل کر دیا ہے،،،،رمشا نے خبر نامہ سنایا

شائستہ بیگم کا ایک دم سانس پھولا وہ بیڈ پر گر سی گئیں

مانی تیزی سے انکی طرف بڑھا

بھابھی اگر آپ کا خبر نامہ ختم ہو گیا ہو تو پانی لائیں جلدی

اوہ ماں آپ لیٹو یہاں سنبھالو خود کو،،،،،یہ انکا بویا ہوا ہے جواب سامنے آیا ہے

رمشا پانی لائی اور ساس کو پلایا

مانی اب کیا ہو گا اس بچی پر تو،،،،میرے اللہ،،،شائستہ بیگم رونے لگی تھیں،،

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں ہو گا آپ دیکھیے گا منال کو بڑے پاپا کل کے کل ہی رخصت کریں گے،،،وہ انھیں ہمت دیتے ہوئے بولا

رمشا بیچ میں بولی،،،،

لیکن شہریار تو بھاگ گیا ہے اور اسکا فون بھی بند ہے انڈر گراؤنڈ ہو گیا ہے شائد وہ اب کیسے،،،،

آپ چپ ہو سکتی ہیں تھوڑی دیر ماں آپ دیکھنا کوئی آلو کا پٹھا مل جائے گا انھیں اپنی بیٹی کے لئے کل سے پہلے

میں جانتا ہوں ان لوگوں کو اچھی طرح

مانی نے گردن کو جھٹک کر کہا،،،،

ایسے راتوں رات کہاں سے مل جایے گا،،،،شائستہ بیگم نے چونک کر کہا

ماں بڑے بڑے مجبور پڑے ہیں اس شہر میں اور اسد کو لوگوں کی مجبوریاں خریدنی آتی ہے کسی بزنس کا لالچ کوئی بنگلہ دیکھے گا کل کوئی گدھا بیٹھا ہو گا منال کے برابر میں،،،،

مانی نے رمشا کو کمرے سے جاتے دیکھا اور گردن نفی میں ہلائی جیسے کہہ رہا ہو انکا کچھ نہیں ہو سکتا

آپ لیٹی رہیں کہاں جا رہی ہیں،،،،شائستہ بیگم کو اٹھنے سے منع کیا

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

بیٹا اس وقت ہمیں وہاں ہونا چاہیے بھائی بھابھی سے افسوس کرنے تم بھی چلو،،،

سوری ماں میں جھوٹ موٹ کا افسوس نہیں کر سکتا،،،، مانی نے گردن جھٹک کر کہا

مانی بری بات کیسے بول رہے ہو،،، ماں نے ڈپٹا

Posted On Kitab Nagri

ماں میں نہیں آرہا آپ کو جانا ہے آپ جاؤ

خوامخواہ بلایا مجھے اب پلیز میں سو رہا ہوں میری یہاں موجودگی کا کسی کو بتائیے گا نہیں،،،،

شائستہ بیگم کمرے سے نکل گئیں

مانی نے سگریٹ جلایا اور کش لگا کر دھواں اوپر منہ کر کہ چھوڑا

کیا قسمت ہے منال خانزادہ تمھاری بھی محبت کسی سے، افیر کسی سے، مہندی کسی کی نام کی لگائی ہے اور اب رخصت کسی اور کہ ساتھ ہو گی

نفرت ہوتی ہے کبھی کبھی تم سے میری پہلی اور آخری محبت منال خانزادہ،،،،

بیڈ پر گر کے چھت کو دیکھنے لگا ذھین میں صرف منال تھی اسکا عشق لیکن انا کی جنگ میں وہ اپنی محبت ہار گیا تھا

پتہ ہی نہیں چلا کب اسکی آنکھ لگ گئی

اسکی آنکھ کرن کے جگانے سے کھلی

کیا ہوا ہے آپی،،،، وہ ہڑبڑا کر اٹھا

تم چلو منال کا نکاح ہو رہا ہے کرن نے اسکو اٹھایا

Posted On Kitab Nagri

تو میں کیا کروں اور اتنی جلدی مل گیا آپ کے میاں کو کوئی گدھا،،

بکو نہیں، شرم کرو اور جلدی چلو بس،،،،، کرن نے ہاتھ پکڑ کر کھڑا کرنے کی کوشش کی،،

کرن تمھیں اسے لانے کا کہا تھا تم یہاں ہی بیٹھ گئی ہو،،،،،

سفیان تیزی سے کمرے میں آیا،

جاؤ تمھیں اسد بلا رہا ہے،، میں اسے لے کر آتا ہوں،،

کرن جلدی سے وہاں سے چلی گئی

مانی تم چلو اٹھو گھر پر قیامت ٹوٹ گئی ہے اور تم سو رہے ہو دونوں بھائی کمرے سے نکل کر عدنان صاحب کے گھر کی طرف بڑھے

جیسے ہی وہ لوگ بڑے پاپا کے لان میں آئے تو بہت سے لوگوں نے تجسس سے ارمغان کو دیکھا کچھ لوگ اٹھ کر انکی طرف آنے لگے وہ ان سب کو جانتا تھا یہ اسکے رشتے دار تھے پر آج انکی آنکھوں سے الجھتا ہوا وہ رکا پر سفیان نے اسکا ہاتھ پکڑ کر کہا مانی اندر گھر میں چلو

مانی نے واپس مڑنا چاہا

پلیز مانی اسوقت کوئی تماشہ نہیں پورا گھر مہمانوں سے بھرا ہے

Posted On Kitab Nagri

وہ لوگ لاونج میں آگئے جہاں بڑے پاپا اور خاندان کے کچھ قریبی لوگ بیٹھے تھے اسد اور نمرہ کا شوہر بھی وہاں ہی کھڑا تھا جنید کے چہرے پر اس ماحول میں بھی طنزیہ مسکراہٹ تھی اور بڑی عجیب نظروں سے مانی کو دیکھ رہا تھا

ارمغان کا دل چاہا وہ یہاں سے بھاگ جائے اسنے بڑے پاپا کو کھڑے ہوتے اور اپنی ماں کو اپنے قریب آتے دیکھا سفیان نے اس سے آہستہ آواز میں کہا

تمھیں صرف ہاں کرنی ہے باقی کے معاملات میں دیکھ لونگا،،،

آؤ بیٹا رک کیوں گئے،،،اور پھر جو انھوں نے کہا مانی سن کر حیرانی سے انکا چہرہ دیکھنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹا تم میری عزت رکھ لو میں کل کیا منہ دکھاؤں گا لوگوں کو آج تو یہ سب اپنے ہیں کل برات میں آدھا شہر انوائٹ ہے میری کیا عزت رہے جائے گی میری معصوم بیٹی کے اوپر یہ داغ لگنے سے بس تم بچا سکتے ہو،،،،وہ نظر جھکا کر بہت ٹوٹے لہجے میں کہہ رہے تھے

اسد نے غصے سے اپنی مٹھیاں بند کیں اسے اپنے ڈیڈ کا یہ عاجزانہ اسٹائل پسند نہیں آیا تھا اسنے تو ان لوگوں پر ہمیشہ حکم چلایا تھا،،،،

Posted On Kitab Nagri

پر عدنان صاحب بیوقوف نہیں تھے انکے سامنے ارمغان خانزادہ کھڑا ہے اتھرا گھوڑا جو کسی وقت بھی بدک سکتا ہے

مانی نے عدنان صاحب کو کہتے سنا

تم اسکے بدلے جو چاہو بزنس میں شراکت گھر یا کچھ بھی اور اس جملے سے بہت لوگوں میں بے چینی پیدا ہو گئی
اور بڑے پاپا اگر میں انکار کر دوں تو،،،،
مانی نے خود کو کہتے سنا

اسد جو کافی دیر سے غصہ کنٹرول کر رہا تھا ایک دم آگ بگولہ ہو کر اسکے سامنے آیا اور بولا

تو یہ جو لوگ میری بہن کی شادی میں آئے ہیں تمھاری بہن کی طلاق میں شرکت کر کے جائیں گے

اسد میں نے کہا ہے نہ اپنی بکواس بند رکھنا تم،،عدنان صاحب نے آنکھیں دیکھائیں

Posted On Kitab Nagri

تو ڈیڈ آپ اسکو بھی تو دیکھیں مانی تم یہ نہیں سمجھنا میری بہن کوئی گری پڑی ہے وہ تو ڈیڈ کو پتا نہیں کس بات کی جلدی ہے جو تم جیسے سڑک چھاپ کو اتنی اہمیت دے رہے ہیں ورنہ تم تو میری بہن کے لئے کبھی بھی میری پسند نہیں رہے ہو،،اسد نے کہا

بجا فرمایا اسد خانزادہ آپ نے جانتا ہوں میں مگر آپ شاید نہیں جانتے کہ آپ کی بہن تو میری لاسٹ چوائس بھی نہیں ہے چاہے مجھے کنوارہ مرنا پڑ جاتا پر اس ٹائم میرے خاندان کی عزت پر بات ہے میں لوگوں کو کوئی بات کرنے کا موقع نہیں دینا چاہتا اور یہ مت سمجھنا کہ میں اپنی بہن کی وجہ سے اس رشتے کے لئے ہاں کر رہا ہوں تمھاری یہ دھمکیاں اب مجھ پر اثر نہیں کرتیں،،،ارمغان نے ایک ساتھ بہت سے حساب چکائے تھے اسد خانزادہ کے،،،،،

بیگم ناز نے پہلو بدلا کیا وقت آگیا تھا کہ آج انھیں اس لڑکے کی باتیں سننا پڑ رہی تھیں جس کو وہ دیکھنا پسند نہیں کرتی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بڑے پاپا مجھے آپ سے یا اس بزنس سے کچھ نہیں چاہیے اس نے سفیان کی طرف دیکھا جو اسے آنکھوں سے چپ رہنے کے لئے کہہ رہا تھا

میری صرف دو شرائط ہیں اس نکاح کے لئے،،،مانی نے کہا

ہاں بولو بیٹا،،عدنان صاحب جلدی سے بولے

Posted On Kitab Nagri

کل برات اور پرسوں ولیمہ کروادیں کیونکہ لوگوں کو اسطرح گوسپ کا کم موقع ملے گا اور دوسری بات میں یہاں خانزادہ ہاؤس میں نہیں رہونگا

ارمغان خانزادہ نے گردن اونچی کرتے ہوئے سب پر ایک نظر ڈالی،،،

کیا مطلب ہے تمھارا میں اپنی بیٹی کو تمھارے ساتھ اس ڈربے میں بھیجوں گی وہ کیسے رہے گی اسے نہیں ہے چھوٹے گھر میں بغیر آسائشوں کے رہنے کی عادت

بیگم ناز نے غصے سے کہا

بڑے پاپا یہ ماحول تو آپ دیکھ رہے ہیں مجھے اس خاندانی سسٹم کا حصہ نہیں بننا،،،

ٹھیک ہے جو تم کہہ رہے ہو وہ ہی ہو گا

سب کے حیران چہروں سے نظر چرا کر عدنان صاحب نے نکاح کی تیاری کا کہا

ایک دم ہلچل مچ گئی اور شائستہ بیگم کے کانوں میں اپنے اس چھوٹے بیٹے کے الفاظ گونجنے لگے

،"تو آپ سے کس نے کہا میں شریف ہوں نہیں میں بلکل بھی شریف نہیں ہوں"

Posted On Kitab Nagri

اچھاتو کیابد معاش ہو,,,,ماں نے ہنستے ہوئے کہا

"نہیں میں عزت دار ہوں" گردن تان کر کہا،،،

ہیں یہ کیابات ہوئی یہ شریف اور عزت دار میں کیافرق ہوتا ہے
"جی ماں بہت فرق ہوتا ہے
شریف کو ہر کوئی دبالیتاہے اسکی شرافت کاناجائز فائدہ اٹھاتا ہے
اور عزت دار سے ایسا کوئی کرنے کاسوچ بھی نہیں سکتاعزت دار سے سب ڈرتے ہیں،،،کیوں کے عزت دار ہر وقت حالت جنگ میں ہوتا ہے وہ اپنی عزت پر سمجھوتا نہیں کرتا سب سے پہلے اسکی عزت کیا سمجھی میری بھولی ماں،،،،،،جان چلی جائے پر عزت نہیں" وہ ہنساتھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مبارک باد کاشور اٹھاتووہ حال میں دوبارہ آئیں انکاعزت دار بیٹااپنے تایاسے گلے مل رہاتھاپھر سفیان نے اسکو گلے لگایااسکے بعد مانی نے کسی کی طرف بھی دیکھے بغیر انکی طرف قدم بڑھائے سر اونچاکئے جیسے کسی ریاست کو فتح کرنے والا بادشاہ وہ گھر کے عام سے کپڑوں میں تھاپر اسنے صحیح کہاتھاجب وہ آئے گاتوچراغوں میں روشنی نہیں رہے گی
مانی نے انھیں گلے لگایااور تیزی سے پہلے کمرے اور پھر گھر سے ہی نکل گیا

Posted On Kitab Nagri

باقی لوگ ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہے گئے تھے

############

صبح چھ بجے وہ کرن کو اپنے کمرے میں دیکھ کر ڈر گئیں

کرن سب خیر ہے اس وقت بیٹا اسد نے توپکھ،،،،

شائستہ بیگم نے جلدی سے پوچھا

نہیں مما بس رات سے بہت بے چینی تھی مانی کہاں ہے

اپنے کمرے میں ہے اسکو ہی جگانے جارہی تھی رات کو کہہ کر سویا تھا جلدی اٹھانے کا،،،وہ اٹھتے ہوئے کہنے لگیں،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں آج کہاں جانا ہے اسے مما میں بول رہی ہوں اسے آج کہیں نہیں جانے دیں،،،، کرن ڈر کر بولی،،،

پاگل مت بنو کرن

میں ناشتہ بنانے جارہی ہوں تم جاکر اسکو اٹھاؤ،،،،

Posted On Kitab Nagri

کرن مانی کے کمرے میں آئی تو پہلے تو چونک کر اسنے مانی کو دیکھا جو نماز کے بعد اب دعا کے لئے ہاتھ اٹھایا ہوا تھا،،،

اسکے چہرے کی سنجیدگی نے کرن کو چونکایا وہ بہت مگن انداز میں دعا مانگ رہا تھا،،،،

پھر وہ اسے ناشتے کا کہتی ہوئی کچن میں مما کے پاس آگئی

اٹھ گیا وہ،،، مما نے پوچھا

مما وہ اٹھا ہوا ہی تھا،،،، کرن نے بتایا

ہاں اسے عادت ہے خود اٹھنے کی،،،ناشتہ بناتے ہوئے بولیں،،

اور کیا نماز پڑھنے کی بھی،،،،، کرن نے ہنستے ہوئے کہا

آپ کا بیٹا تو ایک رات میں نمازی ہو گیا،،،

نماز تو وہ پڑھتا ہے میں اسکے گھر جاتی ہوں فجر تو پڑھتا ہے یہ تم اتنی حیران کیوں ہو رہی ہو،،،، مما نے برا منایا

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ میں ابھی منال کو بھی نماز پڑھتے دیکھ کر آرہی ہوں لگتا ہے دونوں کو نکاح کے بعد اپنے سارے گناہ یاد آگئے ہیں،،،،،،کرن نے ہنستے ہوئے کہا

بری بات کرن،،،شائستہ بیگم نے گھر کا

اچھا سنو تم رمشا کے ساتھ آج جا کر منال کے لئے کچھ کپڑے اور دوسرا سامان لے آؤ اور شادی ولیمے کا جوڑا بھی مما رحم کریں مجھ پر رمشا کے ساتھ میں کہیں نہیں جا رہی اور ویسے بھی وہ خود لے آئے گی میں گئی اور منال کو کوئی سامان پسند نہیں آیا تو میری مشکل،،،،اسد کو جانتی ہیں آپ،،،،کرن نے جان چھڑائی،،،

مانی کے کچن میں آنے سے وہ دونوں چپ ہو گئیں

مانی نے چائے کا کپ اٹھا لیا بس یہ ہی ناشتہ ہو تا تھا اسکا،،،

وہ بہت باتیں تو پہلے بھی نہیں کرتا تھا پر شائستہ بیگم کو وہ آج زیادہ ہی چپ لگا تھا چائے بھی کسی کی طرف دیکھے بغیر جلدی سے پی اور نکلتا چلا گیا،،،اج اسے بہت سے کام کرنے تھے

#########

پھر منال رخصت ہو کر ارمغان کے کمرے میں آگئی وہ بیڈ پر بیٹھی تھی کمرے میں سجاوٹ تو دور کی بات شاید صفائی بھی برائے نام کی گئی تھی سامنے صوفے پر بہت سارے کپڑوں کے شاپنگ بیگ رکھے تھے منال آٹھ کر

Posted On Kitab Nagri

گئی اور ایک ایک بیگ سے ڈریس نکال کر دیکھنے لگی اسکا موڈ بہت تیزی سے خراب ہوا ابھی وہ واڈروب کی طرف جانے والی تھی کے دروازہ کھول کر مانی روم میں آیا اسکو کمرے میں کھڑا دیکھ کر وہ گیٹ پر ہی رک گیا،،،،

وہ میں تم میرا مطلب ہے،،،،، منال کو سمجھ نہیں آیا وہ کیسے اسے بتائے

پتا نہیں یہ اس فضول انسان سے شرم کیوں آرہی ہے مجھے،،،، دل میں خود کو ڈانٹا

مانی کمرے میں آکر بیڈ پر بیٹھ گیا پر منہ سے کچھ نہیں بولا نا نظر اٹھا کر منال کو دیکھنے کی کوشش کی جو آج قیامت ڈھا رہی تھی اپنے حسن سے،،، دلہن بن کر بہت روپ آیا تھا

منال کو خود ہی ہمت کر کے کہنا پڑا

وہ مجھے چینج کرنا ہے اور یہ کپڑے میں پہن کر کم از کم سو نہیں سکتی،،،، اسنے صوفے کی طرف اشارہ کیا

مانی نے وہاں دیکھا تو اسکو مسرت شاہین اور صائمہ یاد آگئیں واہ کیا ڈریسز ہیں رمشا کی شاپنگ توبہ لیکن اسنے بہت سنجیدہ شکل بنا کر منال سے کہا

تو میں کیا خدمت کر سکتا ہوں آپ کی،،،،، اپنے موبائل کو دیکھتے ہوئے سوال کیا

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم کرن بھابھی کو فون کرو اور ان سے میر انائٹ ڈریس منگوا وا بھی،،،،منال کے آرڈر پر مانی کا موڈ بگڑا

واہ کیا شان بے نیازی ہے منال بی بی،،،،،،مانی نے دل میں سوچا

اتنے میں دروازہ بجا کر شائستہ بیگم اور انکے پیچھے رمشا کمرے میں آئی رمشا کو دیکھ کر مانی کا موڈ خراب ہوا

پر وہ اپنی ماں کی طرف مڑا جو منال کو کھڑا دیکھ کر پریشان ہو گئی تھیں

Posted On Kitab Nagri

منال کہ کچھ کہنے سے پہلے مانی نے ساری بات بتائی نظر اسنے رمشا پر ہی رکھی کیونکہ اسکی روم میں موجودگی سے وہ سمجھ گیا تھا یہ سب بھابھی نے جان کر کیا ہے

اوہ مائی گاڈ مما میں تو سمپل ڈریس لینا ہی بھول گئی اور ٹائم بھی کہاں تھا پھر جن حالات میں شادی ہوئی ہے نائٹ وغیرہ کو تو خیال ہی نہیں رہا،،،،،رمشا نے ہنس کر کہا

مانی بیڈ سے کھڑا ہوا اس سے زیادہ فضول گوئی وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا

تھینکس بھابھی آپ نے اتنا کر دیا وہ بھی بہت ہے اور اب پلیز آپ جا سکتی ہیں ہم خود کچھ کر لیں گے،،،،،

یہ کہتے ہوئے وہ منال کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا جو چہرہ جھکائے کھڑی تھی

مما آپ بھی جا کر اب آرام کریں اور ٹینشن مت لیں،،،،،مانی نے شائستہ بیگم سے مسکرا کر کہا

بیٹا میں تو منال سے کچھ کھانے کا پوچھنے آئی تھی

نہیں چچی مجھے کچھ نہیں کھانا آپ آرام کریں پلیز،،،،منال نے بھی جلدی سے کہا

ان دونوں کے جانے کے بعد مانی نے دروازہ بند کیا اور اسکے قریب آیا

منال ڈر کے پیچھے ہوئی مانی نے بڑی عجیب نظروں سے اسے دیکھ کر کہا

اب تم کہو تو میں کرن کو فون کروں لیکن وہاں بھی رمشا والا ہی کوئی جواب ہو گا کیونکہ

Posted On Kitab Nagri

دونوں طرف ہیں بھابھیاں برابران کپڑوں کو دیکھ لویا پھر میرا ٹراؤزر شرٹ پہن لو،،مانی نے اسکو دیکھتے ہوئے کہا

منال نے ایسے دیکھا جیسے مانی کا دماغ چل گیا ہو

مانی نے ایک دم غصے سے کہا،،،،،
دھلا ہوا ہے اور میں نے کافی ٹائم سے پہنا بھی نہیں ہے
اور نکال کر لے آیا
میں اس ٹائم اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکتا،،،،،ہری جھنڈی دیکھائی،،،

منال نے اسکے ہاتھ سے لیا اور چینج کرنے چلی گئی

مانی جی بھر کے بیزار ہوا تھا
"اللہ جی یہ نادر نمونہ کیا میری قسمت میں ہی تھا یہ لڑکی کبھی نہیں سدھر سکتی" مانی نے دل میں سوچا

Posted On Kitab Nagri

منال کا دل زور زور سے رونے کو چاہ رہا تھا وہ بہت امیدیں لے کر تو یہاں آئی بھی نہیں تھی پر یہ سب جو ہوا تھا اسے اسکی امید نہیں تھی کافی دیر شاور لینے کے بعد وہ روم میں آئی تو اندھیرا ہو رہا تھا بس ایک لیمپ روشن تھا مانی شاید سو چکا تھا

منال نے غصے سے اپنا ڈریس صوفے پر پھینکا اور جیولری ڈریسنگ ٹیبل پر ڈال کر بال سلجھانے لگی لیکن اپنی نظر مانی پر ہی رکھی اسے مانی کے سونے پر پتا نہیں کیوں غصہ آیا تھا

پھر کھڑے ہو کر اپنے سونے کے لئے جگہ تلاش کرنے لگی صوفے پر پورے کپڑے پھیلے ہوئے تھے اور زمین پر وہ سو نہیں سکتی تھی وہ بیڈ کے پاس آئی ایک آخری بار مانی کو گھورا منہ میں کچھ بڑبڑا کر بیڈ پر لیٹ گئی اور لیمپ بند کر دیا

اتنی دیر سے سونے کی ایکٹینگ کرنے والا مانی مسکرا کر آہستہ سے کروٹ بدل گیا

پوری رات دونوں نے ایک دوسرے پر یہ ثابت کیا کہ ہمیں کوئی فرق نہیں پڑا،،،،،ایک بار پھر ان دونوں کی آنا جیت گئی تھی

صبح جب منال کی آنکھ کھولی تو وہ کمرے میں اکیلی تھی

کمرے کی حالت بھی تھوڑی بہتر لگ رہی تھی صوفے پر پڑے اسکے کپڑے اور جیولری بھی کہیں رکھ دی گئی تھی وہ اٹھ کر بیٹھ گی اور ابھی یہ سوچ ہی رہی تھی کے کیا کرنا چاہیئے

دروازہ بجا کر رمشا کمرے میں آئی

Posted On Kitab Nagri

ہیلو اٹھ گئیں ارمغان تو صبح ہی چلا گیا اب بتاؤ یہ کوئی بات ہے ایک دن کی دلہن کو ایسے چھوڑ کر جاتے ہیں پر کیا کرسکتے ہیں اپنی مرضی کا مالک ہے ارے تم نے یہ کیا پہنا ہوا ہے اس سے تو بہتر تھا تم میرا ہی کوئی ڈریس مانگ لیتی

منال کا موڈ تو رمشا کی باتوں سے پہلے ہی خراب ہو گیا تھا نخوت سے بولی

بھابھی میں ایسے ہی کسی کے کپڑے نہیں پہنتی اور یہ تو ارمغان نے کہا اسکا دھلا ہوا ڈریس ہے اور کافی ٹائم سے پہنا نہیں ہے تو میں نے پہن لیا

منال بیٹا آپ اٹھ گئی ہو تو فریش ہو جاؤ کرن اور نمرہ آرہی ہیں،،،

اچھا مانی کہہ کر گیا ہے کہ وہ رات کو تیار ہو کر ہی ہوٹل آئے گا اور وہاں سے ہی تمھیں لے کر اپنے گھر جائے گا تو تم اپنی تیاری کر لینا

جی چچی میں جا رہی ہوں بس اور وہ واش روم چلی گئی

##########

وہ گھر آئی تو سب سے پہلے اپنے مام اور ڈیڈ سے ملی

کیسا ہے میرا بچہ عدنان صاحب نے اسے گلے لگا لیا

ٹھیک ہوں ڈیڈ اسکی آنکھوں میں آنسو آگئے

انھوں نے اسکا سر اپنے کندھے سے لگا لیا پھر منال سے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

منال میرا یہ فیصلہ تمھارے حق میں کتنا بہتر ہے یہ وقت ثابت کرے گا تم مجھ سے ناراض ہو گی بیٹا کے میں نے ایک بوجھ کی طرح تمھیں اتارا ہے پر ایسا نہیں ہے بیٹا پرانی سب باتوں کو بھول جاؤ بس یہ سمجھ لو یہ تمھارے باپ کی خواہش تھی جو اسطرح پوری ہوئی ہے،،، نم آنکھوں سے عدنان صاحب نے کہا

منال اور ناز بیگم نے حیرت سے انھیں دیکھا

منال کو ہنسی آئی اپنی اور مانی کی قسمت پر کتنی پابندیاں تھیں اس پر کہ وہ مانی سے نہیں ملے کتنا بدظن کرا گیا تھا اسے اسکے بچپن کے سب سے اچھے دوست سے اور اب سب اپنی جگہ واپس آ گئے تھے پر وہ دونوں کہیں کھو گئے تھے کتنا اجنبی لگا مانی

##########

ولیمے سے واپسی پر ارمغان اسے اپنے گھر لے جا رہا تھا منال کو عجیب سا ڈر لگ رہا تھا مانی سے وہ بلکل مگن اسٹائل میں گاڑی چلا رہا تھا جیسے گاڑی میں وہ اکیلا ہو،،،،

منال نے اسے دیکھا ایک مسکان اسکے ہونٹوں کو چھو گئی مانی کو اسطرح ڈریس اپ اتنا تیار زندگی میں پہلی بار دیکھا تھا وہ ہمشہ بدرنگی جینز اور گھسی ہوئی ٹی شرٹ میں ہی رہتا تھا،،، اسے سادہ حلیہ میں بھی اچھا لگتا تھا پر آج تو بات ہی کیا تھی،،،،،،

ارمغان کو اس کی نظروں کا احساس ہوا آنکھیں ترچھی کر کہ دیکھا،،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"گھر کب آئے گا ارمغان"،،وہ جلدی سے بولی

"آنے والا ہے"،،،،،،مانی کو اسکے منہ سے اپنا نام بہت عجیب لگا

"یہ تم کیا اس جنگل میں رہتے ہو"کوئی بات تو کرنی ہی تھی،،،،

یہ کراچی ہے یہاں اب کوئی جنگل بچا نہیں ہے سب جگہ آبادی ہے اور لو یہ گھر آگیا،،گاڑی کی اسپیڈ ہلکی ہوئی تھی گاڑی ایک بڑے سے گیٹ کے اندر جارہی تھی

منال نے سامنے دیکھا کوئی نئی تعمیر شدہ سوسائٹی تھی بہت خوبصورت کاٹیج بنے ہوئے تھے

"آؤ"،،،،مانی نے کہا گاڑی گھر میں داخل ہوئی تو سائیڈ میں چھوٹا سا لان نظر آیا

مانی گاڑی سے اتر کر اندر بڑھ گیا وہ بھی جلدی سے پیچھے گئی

لاونج کی ڈیکوریشن نے اسے چونکایا،،،بہت انٹیک کلیکشن کی سجاوٹ کی گئی تھی لکڑی کا بہت خوبصورت کام تھا پوری دیواریں شیشے اور لکڑی کے کام سے آراستہ اور بڑے بڑے نقشین فریم میں میر ر لگے تھے،،،وہ مبہوت ہوگئی،،،

Posted On Kitab Nagri

مانی نے کہا،،،،

:وہ سامنے بیڈروم ہے جاؤ،،،،،

اور وہ جو ابھی گھر دیکھنا چاہتی تھی بدمزا ہو کر کمرے کی طرف گئی لیکن اس نے مانی کو دیکھا وہ اسکے پیچھے نہیں آرہا تھا بلکہ کچن میں کھڑا پانی کی بوتل نکال رہا تھا وہ کمرے میں داخل ہو گئی

منال لاونج کو دیکھ کر چونکی تھی بیڈروم میں آکر تو بلکل جم گی
بیڈروم میں بڑی سی گلاس وال کے سامنے سوئمنگ پول تھا جو پہلی بار آنے والے کو ایسا لگتا کہ یہ کمرے میں ہی ہے بڑی بڑی گلاس ونڈوز کی وجہ سے پورا کمرا شیشے کا لگ رہا تھا باہر ہر طرف اندھیرا تھا اور لان کی لائٹنگ نے کمرے کو ایک الگ ہی حسن دیا تھا،،،،
منال کھو سی گئی تھی اسے لگا یہ گھر تو وہ پہلے بھی دیکھ چکی ہے
مانی کمرے میں آیا تو وہ کل کی طرح ہی کھڑی تھی پر آج اسکے چہرے کی رونق ہی الگ تھی ڈارک گولڈن گاؤن میں وہ کیسی پرستان کی بھٹکی ہوئی پری لگ رہی تھی،،،،ڈل روشنیوں میں اسکا چمکتا روپ وہ نظر نہیں ہٹا پایا
،مانی ایک دم چونکا یہ وہ کیا سوچنے لگا ہے
"سچ کہتے ہیں لوگ سارے فتنے نظر سے ہی شروع ہوتے ہیں،،" وہ جھٹکے سے مڑا کمرے سے باہر جانے کے لئے

،،،

Posted On Kitab Nagri

مانی رکو،، یہ سب کیسے کیا تم نے تمھیں یاد تھا سب کچھ آف مانی،،،، وہ مانی کا ہاتھ کھینچ کر اندر لانے لگی لیکن مانی اپنی جگہ جمع کر کھڑا رہا

بہت ٹھنڈے لہجے میں اسنے منال سے کہا

کیا کیا ہے میں نے،،،، اپنے ہاتھ سے منال کا ہاتھ ہٹایا

یہ سب اس روم کا ڈیکور، کلر اسکیم،، ایک دن میں کیسے کیا تم نے،،، وہ بچوں جیسی خوشی سے بولی

تم سے کس نے کہا ہے کہ یہ میں نے کیا ہے،،،،

وہ ہنسا،،،،، اور وہ بھی ایک دن میں

محترمہ نہ میں جن ہوں نہ زبیدہ آپا یہ ایک دن کا کام لگ رہا ہے تمھیں

اور میں نے یہ فرنشڈ گھر لیا تھا مجھے اس میں کچھ کرنا نہیں پڑا تھا،،، یہاں کے سارے گھر ایسے ہی ہیں،،،

ہاں اور اپنی ایک غلط فہمی اور دور کر لو یہ گھر رینٹ پر ہے میں اس علاقے میں تو کیا ابھی کراچی کے کسی بھی پوش علاقے میں گھر لینے کے قابل نہیں ہوں

ایک اور جھوٹ بڑی تیزی سے بولا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں صرف تمھیں یہ بتانے آیا ہوں یہ ڈریسنگ روم ہے اور اس میں ہی وارڈروب ہیں کچھ ڈریسز اور دوسرا سامان لیا ہے تمھارے لیے وہ دیکھ لینا اور وہاں ہی واش روم بھی ہے

وہ جس طرف اشارہ کر رہا تھا وہاں پوری دیوار میرر کی تھی اور وہ اسے بڑا آئینہ ہی سمجھی تھی

مانی نے سلائیڈنگ سرکائی وہ کچھ کہنے کے لیے منہ ہی کھولنا چارہی تھی کہ مانی کہ الفاظ نے اسے چپ کرا دیا

سخت چیپ لگتا ہے مجھے یہ شیشے کا ڈریسنگ روم کوئی پوچھے یہ شیشے کا تابوت کیوں بنایا ہے،،،،مانی نے سر جھٹکا

پر مجھے تو پسند آیا یہ سب میری پسند کا ہے،،،، منال نے اسکو جتاتے ہوئے کہا

مانی نے حیران ہوتے ہوئے کہا

اچھا کیا واقعی چلو یہ تو اچھی بات ہے ویسے تمھاری پسند تو ہمشہ سے ہی چیپ تھی،،،،

مذاق اڑاتے لہجے میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پر منال تو کسی اور ہی دنیا میں تھی،،،،

اچھا میں برابر والے روم میں ہوں،، مانی نے کہا

کیوں تم یہاں سو جاؤ میں اس،،،،،،

Posted On Kitab Nagri

میں وہاں کام کر رہا ہوں تمھارے لیے کمرا چھوڑ کر نہیں جا رہا،،،، منال کو بہت جتاتے ہوئے لہجے میں کہتا وہ روم سے چلا گیا اور منال چینج کرنے چلی گئی

صبح وہ فریش ہو کر باہر آئی ارمغان گھر میں نہیں تھا منال نے پورا گھر دیکھا اسکو رونا آنے لگا کچن میں آئی تو بھوک کا احساس ہوا فریج میں انڈے دودھ اور بریڈ رکھی تھی پر اسکو تو کچھ بھی بنانا نہیں آتا تھا

سمجھتا کیا ہے یہ خود کو یہ یہاں جنگل میں لا کر مجھے ڈال دے گا اور میں چپ رہوں گی بھوک سے مر جاؤں تو کسی کو تو پتا بھی نہیں چلے گا

ابھی فون کرتی ہوں اسد بھائی کو وہ فون لینے کے لیئے کچن سے جانے لگی تو اسے ٹیبل پر ڈھکے ہوئے برتن دیکھے اس نے ٹرے ہٹائی تو آملیٹ اور ٹوسٹ رکھے تھے اور برابر میں ہی چائے کا کپ ڈھکا رکھا تھا اس میں چائے تھی اسے حیرت ہوئی چائے اب تک گرم تھی ناشتہ ایسا لگ رہا تھا وہ کر رہا تھا کیونکہ آملیٹ اور آدھا سلائس کھایا ہوا تھا

میں یہ جھوٹا ناشتہ کروں گی نیور اور کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی،،، بھوک بھی لگ رہی تھی،، ناک بھی لمبی تھی

کیا ہے منال اتنے نخرے کیوں دیکھا رہی ہو اب یہ ہے تو کر لو وہ تو پتا نہیں کب آئے

وہ جلدی جلدی کھانے لگی ہاں چائے جھوٹی پینے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی

کیا پتا جھوٹی نہ ہو بنائی ہی آدھا کپ ہو میرے لیے پی ہی لیتی ہوں

Posted On Kitab Nagri

اور ایک سانس میں کپ خالی کر کے کچن سے باہر برتن ایسے ہی پڑے رہنے دیئے،،،وہ گھر دیکھنا چاہ رہی تھی کہ بیل بجی

ارے یہ اتنی جلدی آگیا میں تو اتنے سادے حلیے میں ہوں کیا کروں لپ لائنر لگالوں وہ سوچ رہی تھی کہ بیل دوبارہ بجی
پھر،، بیل بجنے لگی اس نے جلدی سے گیٹ کھولا تو چچی اور کرن کو دیکھ کر وہ دروازے پر ہی جم گئ

"آپ لوگ یہاں"،،،،،وہ مانی کو نا دیکھ کر اداس ہوئی
کیا ہوا نا سلام نا دعا کیسے منہ اٹھا کر کھڑی ہو اندر نہیں آنے دو گی کرن نے اسے سامنے سے ہٹاتے ہوئے کہا
آئیں نہ پلیز اسلام وعلیکم چچی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیتی رہو مانی چلا گیا کیا،،شائستہ بیگم نے پوچھا

جی میں سو رہی تھی وہ جب ہی چلا گیا تھا،،منال نے اداسی سے بتایا

دیکھا کرن کیا کہہ رہی تھی میں تمھیں اسے کہاں خیال ہے ان باتوں کا بتاؤ بچی بھوکی ہو گی میں کچھ بناتی ہوں تمھارے لیے بیٹا،،،وہ جلدی سے کچن میں جانے لگیں،،،

Posted On Kitab Nagri

نہیں چچی میں ناشتہ کر چکی ہوں،،،وہ جلدی سے بولی

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کرن نے چونک کر دیکھا،،،،

کیا کھایا تم نے چائے تک تو تمھیں بنانا نہیں آتی کرن نے مذاق اڑاتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

تو میں نے نہیں بنایا بریک فاسٹ ارمغان بنا کر گئے ہیں اور ایسا کہتے ہوئے وہ بھول گئی کہ ابھی کتنا رو رو کر ناشتہ کیا تھا

واہ بھئی میرے بھائی تو زن مریدی میں اپنا ریکارڈ بنائیں گے

مما یہ مانی تو سفیان بھائی سے بھی چار ہاتھ آگے نکلا

شائستہ بیگم نے ہنس کر منال کو گلے لگا لیا،،،،،،،"چلو یہ تو اچھا کیا مانی نے"

پھر کرن تو تھوڑی دیر بیٹھ کر چلی گئی منال کے چہرے کا سکون اسکا سکون برباد کرنے کے لیئے کافی تھا

شائستہ بیگم دو دن رکیں اور کچھ کھانے پکا کر فریز کر دیے اور کہا جب تک کوئی بھروسے کی کام والی نہیں ملتی وہ ثریا کو بھیج دیں گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دو دن رکنے کے بعد منال اور ارمغان انھیں چھوڑنے گئے تھے تو تھوڑی دیر کو بڑے پاپا کے گھر بھی ہو آئے تھے

انکی شادی کو دس دن ہو گئے تھے کام کے لئے میڈ بھی آ گئی تھی پر ناشتہ اب بھی مانی ہی بنا کر جاتا تھا البتہ رات کا کھانا میڈ بناتی تھی وہ ساتھ کھاتے تھے

مانی دیر رات تک کام کر کے کبھی وہاں ہی سو جاتا کبھی منال کے سونے کے بعد بیڈروم میں آ کر سو جاتا تھا

Posted On Kitab Nagri

منال کافی دیر سے سونے کی کوشش کر رہی تھی پر اسے نیند نہیں آرہی تھی اسے مانی کا خیال آیا آخر یہ کمرے میں بند ہو کر کرتا کیا ہے میں نے کچھ زیادہ ہی چھوٹ دے دی ہے

کیا پتا کچھ نشہ کرتا ہو پہلے بھی تو کرتا تھا پر چہرے سے لگتا تو نہیں ہے کسی لڑکی سے بات تو نہیں کرتا

منال جھٹکے سے بیڈ سے اٹھی اور بھاگتی ہوئی مانی کے کمرے میں گئی اور دھڑ سے دروازہ کھولا

وہ جو بہت انہماک سے اپنا کام کر رہا تھا چونک گیا پھر غور سے منال کو دیکھا وہ اسکے ہی ٹراوزر شرٹ میں تھی اور مانی منال کو اس حلیے میں دیکھ کر دل میں اسے " فتنے "کا خطاب دیتے ہوئے بولا:

"کیا ہوا"

مانی نے اس سے نظر ہٹائی

کچھ نہیں،،،وہ کمرے میں آئی

مجھے اکیلے میں نیند نہیں آرہی میں تھوڑی دیر یہاں بیٹھ جاؤں،،،،

مانی نے کچھ بھی کہے بغیر ایک کشن اسکی طرف رکھ دیا اور خود کام کرنے لگا وہ کارپیٹ پر کشن رکھے بیٹھا تھا اسکے سامنے ایک میپ رکھا ہوا تھا اور وہ لیپ ٹاپ پر کچھ کام کر رہا تھا منال اسکے سامنے بیٹھ گئی،،،

مانی نے اپنا رخ تھوڑا موڑ لیا سامنے بالکنی کا دروازہ کھلا تھا تازہ ہوا کمرے میں آرہی تھی

تھوڑی دیر خاموش بیٹھ کر منال نے کہا،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مانی تم کیا پی رہے ہو

وہ جو کپ منہ تک لے جارہا تھا رک کر اسے دیکھا اور ایک گھونٹ پی کر کپ اسکے آگئے کر دیا

وہ پہلے تھوڑا جھجکی پھر اسنے کپ پکڑ لیا

مانی نے ترچھی نظر سے دیکھا وہ کافی پی رہی تھی،،،

مانی نے سگریٹ نکالی اور سلگا کر ایک لمبا کش لے کر منال کے آگے کر دی
وہ حیرت سے مانی کو دیکھنے لگی مانی نے جب ہاتھ پیچھے نہیں کیا تو غصے سے بولی،،،،،

"اسکا کیا کروں میں مانی تم پاگل ہو"

"کیوں یہ چیک نہیں کرو گی کے بھری ہوئی تو نہیں پی رہا" مانی نے ریشم میں لپیٹ کر جوتا مارا تھا

منال شرمندہ ہو گئی

Posted On Kitab Nagri

میرا یہ مطلب نہیں تھا،،اہستہ سے بولی

پر میرا یہ ہی مطلب ہے،،،،،بہت جتا تا ہوا لہجہ

تھوڑی دیر خاموش رہنے کے بعد وہ پھر بولی

یہ تم اتنا کام کیوں کرتے ہو چچی بتا رہی تھی تین جاب کرتے ہو،،،،

نہیں اسکے علاوہ بھی ایک دو کام اور کرتا ہوں ابھی ساتھ رہو گی تو پتا چل جائے گا

مانی نے لیپ ٹاپ رکھ دیا کام تو اب ویسے بھی ہو نہیں سکتا تھا" فتنہ "اپنی تمام تر حشر سامانیوں کے ساتھ سامنے تھا

اتنا پیسا کما کر کیا کرو گے تم تو کبھی بھی پیسے کے پیچھے نہیں بھاگتے تھے،،،،،منال نے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت مہنگے خواب دیکھ لئے تھے انکو حاصل کرنا تھا چاند کو پانا چاہتا تھا،،،،مانی نے نظر اٹھائی اور پھر فوراًباہر دیکھنے لگا

منال کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی اور ایک اداسے پوچھا،،،،پھر کہاں ہے اب وہ چاند کیا حاصل نہیں کیا

میری آنکھوں کے بلکل سامنے،،،،،ارمغان نے ایک اور کش لیا

تو اب تو پالیا نہ اب اتنی محنت کیوں کرتے ہو

Posted On Kitab Nagri

منال نے اپنی آنکھیں تھوڑی جھکا کر پوچھا اسے پتہ تھا وہ ایسا کرتے ہوئے بہت حسین لگتی ہے

کہاں حاصل کر پایا ہوں میں بس اسے دیکھ سکتا ہوں چھو نہیں سکتا،،، کیا حسرت تھی لہجے میں
منال کے چہرے پر شرم کی لالی آگئی

جب دیکھ سکتے ہو تو چھو بھی سکتے ہو،،، پہلی بار لہجہ اٹکا،،

نہیں یار میں نے ساری معلومات کرائی ہے پر ناسا والے کہتے ہیں ابھی چاند پر رہائش نہیں ہے،،، کیا نا امیدی تھی،،،

منال نے تیزی سے سر اٹھا کر مانی کو دیکھا جو گیلری کے دروازے سے نظر آتے ہوئے چاند کو بڑی حسرت سے دیکھ رہا تھا
تم اتنی دیر سے اس چاند کی بات کر رہے ہو،،،،،،
منال کھڑی ہو گئی
تو کوئی اور چاند بھی ہے کیا یہاں،،،،،

مانی نے بہت حیرت سے منال سے پوچھا اور پھر جنناتی قہقہ لگا کر منال کو دیکھتے ہوئے بولا

Posted On Kitab Nagri

منال تمھاری خوش فہمیاں تم کیا سمجھ رہی تھیں میں تمھاری بات کر رہا ہوں اوہ میرے خدا وہ پاگلوں کی طرح ہنس رہا تھا

منال کی آنکھوں میں آنسو آگئے یہ کچھ زیادہ ہی ہو گیا تھا

میں اپنی بات نہیں کر رہی تھی مجھے لگا تمھاری کوئی گرل فرینڈ ہے

مگر مانی کچھ سن نہیں رہا تھا ہنستے ہنستے اسکی آنکھوں سے پانی نکل آیا تھا

منال تیزی سے کمرے سے جانے لگی کے پیچھے سے مانی نے آواز دی

منال رکو،،،،،،بہت نرم لہجے میں منال سے کہا

اچھا سنو

وہ دروازے کا ہینڈل پکڑ کر رک گئی مگر اس بار مڑ کر نہیں دیکھا کیونکہ اسکی ہنسی ابھی بھی نہیں رکی تھی

جاتے ہوئے دروازہ بند کر جانا،،مانی نے ہنس کر کہا

منال نے کمرے سے نکل کر اتنی زور سے دروازہ بند کیا کے مانی کے کانوں کے پردے پھٹ گئے

Posted On Kitab Nagri

منال کے جانے کے بعد وہ جو پاگلوں کی طرح ہنس رہا تھا سب سے پہلے تو چپ ہوا پھر کپ پھینکا اور سامنے پڑے پیپر پھاڑ کر زمین پر لیٹ گیا

اتنی جلدی نہیں منال بی بی بہت سال خوار کیا ہے تم نے اپنے پیچھے مجھ سے ہزار بار نفرت کا اعلان کیا ہے میری محبت کا مذاق بنایا ہے اب تم چاہتی ہو سب پہلے جیسا ہو جائے نہیں اب پہل میں نہیں کروں گا جب نفرت کا اظہار ہزار بار کر سکتی ہو تو محبت کا کیوں نہیں مجھ سے یہ امید اب مت رکھنا میں جو کر سکتا تھا کر لیا اب تم کہو گی ارمغان خانزادہ منال تم سے بہت محبت کرتی ہے

وہ کمرے میں آکر بیڈ پر بیٹھ گئی آنسو اسکی آنکھوں سے بہہ رہے تھے

مانی یہ جو تم میرے ساتھ چوہے بلی کا کھیل کھیل رہے ہو کیا سمجھتے ہو میں کچھ سمجھ نہیں رہی ہوں سب سمجھ آرہا ہے،، میں چپ چاپ برداشت کر رہی ہوں کہ کبھی تو یہ نفرت ختم ہو گی مگر تم تو اکڑتے ہی جا رہے ہو لیکن اب میں تمھاری کسی بات کو نہیں سنو گی بلکہ میں اب تم سے بات ہی نہیں کروں گی

بس بہت ہو گیا اب نہیں اور نہیں

وہ روتے روتے سو گئی

صبح مانی آفس کی تیاری کے لئے روم میں آیا تو وہ سو رہی چہرے پر آنسو کے نشان تھے ارمغان جو رات سے خود پر غصہ تھا کچھ اور شرمندہ ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

منال نے ارمغان سے بات بلکل بند کر دی تھی رات کا کھانا دونوں خاموشی سے کھاتے پھر منال فوراً سونے کے لئے چلی جاتی ایک دو بار مانی نے بات کرنے کی کوشش کی مگر سامنے سے نو رسپانس نے اسے مزید بھڑکا دیا ٹھیک ہے ایسا ہے تو ایسا ہی سہی

############

شازیہ (میڈ) نے اس سے کہا باجی میں جاؤں مانی بھائی تو ابھی تک آئے نہیں ہیں آپ کو کھانا دے دوں

نہیں تم جاؤ مجھے ابھی بھوک نہیں ہے,,,,,, اسنے گھڑی کی طرف دیکھا رات کے نو بجے تھے منال نے ٹی وی کھول لیا

باجی دروازہ بن کر لیں،،،، شازیہ نے اس سے کہا اور باہر نکل گئ

منال نے سنی ان سنی کر دی اور بیٹھ کر مووی دیکھتی رہی

آنے والا ہو گا خود ہی گیٹ بند کر لے گا میں نہیں اٹھ رہی ابھی بند کرنے جاؤں پھر نواب صاحب آئیں تو کھولنے جاؤں نوکر ہوں نا

اسکی نظر بار بار گھڑی پر جا رہی تھی جو اب گیارہ بجا رہی تھی اسے ایک دم فکر سی ہوئی اچانک اسے لگا باہر کوئی ہے مانی اسے رات کے ٹائم لان میں اکیلے نہیں جانے دیتا تھا منال کو یاد آیا کے صرف گھر کا ہی نہیں باہر کا مین گیٹ بھی کھلا ہے پر اسکی ہمت نہیں ہوئی کہ وہ جائے

اچانک اسے اپنے اکیلے ہونے کا احساس ہوا یہاں تو کوئی مجھے مار کے بھی ڈال جائے تو کسی کو پتا نہیں چلے اسنے ٹی وی کی آواز فل کر دی اور بیڈ روم سے اپنا موبائل لے کر آئی ہی تھی کہ لائٹ چلی گئ

Posted On Kitab Nagri

منال کی سمجھ نہیں آیا اب وہ کیا کرے یو پی ایس بھی اسٹارٹ نہیں کر سکی اور اسکو رونا آنے لگا

موبائل پر مانی کا نمبر دیکھنے لگی تو نہیں ملا

اللہ جی یہ کیا ہو گیا مانی نے تو خود نمبر سیو کیا تھا اب کیا کروں کوئی بچا لو مجھے،،،،،،،،،،

########

مانی گھر آیا تو پہلے تو دروازے کھلے ہونے پر غصے آیا پھر تیزی سے گھر کے اندر آیا

بہت تیز آواز میں ٹی وی چل رہا تھا اور منال یہاں نہیں تھی اسنے ٹی وی بن کر کے منال کو پھر آواز دی گھر کی خاموشی نے اسکی جان نکال دی

وہ تیزی سے بیڈ روم میں آیا تو وہ اسے نظر نہیں آئی مگر جیسے ہی وہ واپسی کے لیے مڑا اسے ڈریسنگ روم کا ڈور تھوڑا کھلا ہوا دیکھا وہ آگے بڑھا تو منال بھی دیکھ گئی وہ زمین پر سجدے کے اسٹائل میں گری ہوئی تھی اور کانوں پر ہاتھ رکھے ہوئے شاید رو رہی تھی

منال کیا ہوا پلیز اٹھو وہ اسکے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھا ہی تھا کہ منال نے اسے دھکا دیا

Posted On Kitab Nagri

"اب کیوں ائے ہو میرے مرنے کے بعد آتے تم مجھے یہاں لائے ہی اسلئے ہو کہ مجھے تڑپا تڑپا کر مار دو بدلہ لے رہے ہو مجھ سے"

اسکی آنکھیں اور چہرہ رو رو کر سوجھ گیا تھا

ارمغان کے دل کو کچھ ہوا وہ اسکے برابر میں بیٹھ گیا

"سوری یار دیر ہو گئی بس کچھ کام میں پھنس گیا تھا"

ہاں تو ابھی بھی کیوں ائے ہو جاؤ کام کرو میرا کیا ہے مجھ سے تو ویسے بھی کوئی پیار نہیں کرتا

صرف ڈیڈ پیار کرتے ہیں مجھ سے تم بھی مانی مجھ سے پیار نہیں کرتے،،،، جس معصومیت سے کہا گیا تھا

ارمغان تو اس الزام پر اچھل ہی گیا

کیا کس نے کہا میں پیار نہیں کرتا میں تو مرے جا رہا ہوں پیار کرنے کے لئے،،،مانی نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے قریب کیا

منال کو ایک دم ہوش ایا اسنے غلط بندے کے سامنے غلط بات بول دی تھی سامنے اسد نہیں مانی تھا

وہ تیزی سے کھڑی ہوئی

مانی نے اسکا ہاتھ پکڑا اور اپنی طرف کھینچا

اب بھاگ کہاں رہی ہو،،،،

Posted On Kitab Nagri

میرا یہ مطلب نہیں تھا مانی

پر میرا یہ ہی مطلب ہے مانو

منال تو مانو نام سن کر ایک دم رک سی گئی کتنے سال بعد مانی نے اس نام سے پکارہ تھا اور اسکا ہاتھ کھینچ کر کھڑا ہوا مانی اسکے قریب آیا اسکا فون بجا

منال دنیا میں واپس آئی مانی نے بد مزا ہو کر موبائل نکالا اور فون پر آنے والے نام نے کچھ اور اسکا موڈ خراب کیا منال نے بھی فون کو دیکھا جس پر "اسد سالا" لکھا ہوا نظر آرہا تھا وہ بھی اردو میں منال نے مانی کو حیرت سے دیکھا تو وہ فون کان کو لگا چکا تھا

ہیلو،،

کہاں ہو تم کچھ احساس ہے کیا ٹائم ہوا ہے منال کو اس جنگل میں بھوکا پیاسا چھوڑ کر کہاں عیاشی کے لئے نکلے ہوئے تھے،،،، کیا سمجھتے ہو لاوارث ہے وہ،،، اسد نون اسٹاپ شروع ہو چکا تھا

بول چکے ہو یا ابھی کچھ باقی ہے،،، ارمغان نے غصے سے کہا

اور منال کی طرف موبائل بڑھا دیا

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

اپنے بھائی کو بتادو میں گھر آچکا ہوں اور میں اسکے منہ لگنا نہیں چاہتا ورنہ اسکو بتاتا کہ میں اسکی طرح نہیں ہوں جو بیوی کو گھر چھوڑ کر باہر عیاشی کرتا پھرے

منال کو فون پکڑا کر وہ واش روم چلا گیا

منال موبائل لے کر کمرے سے باہر آئی

ہیلو بھائی

Posted On Kitab Nagri

بس منال کچھ نہیں بولنا میں تمھیں لینے آرہا ہوں ایک منٹ میں اپنا سامان باندھوں میں تمھیں اس جنگلی کے ساتھ اب نہیں رہنے دوں گا،،،،

بھائی کیا ہوا ہے میں کیوں اپنا گھر چھوڑوں

منال ایک دم رونے لگی

تو کیا اسکے ہاتھوں روز ذلت اٹھاؤ گی

ایسی بات نہیں ہے بھائی آج دیر ہو گئی تھی ورنہ روز ٹائم سے آتے ہیں

منال نے بڑی مشکل سے اسد کا غصہ کم کیا اور اسے یقین

دلایا کے ایسی کوئی بات نہیں ہے مانی اسکا بہت خیال رکھتا ہے

فون سے فارغ ہو کر وہ روم میں آئی تو ایک بج رہا تھا مانی بیڈ پر سو رہا تھا منال نے لائٹ جلائی مانی نے آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا

منال ٹھنڈا سانس لے کر مانی کے پاس آئی اور اسکا پیر ہلایا

مانی سو گئے ہو کیا،،،، اسنے کوئی جواب نہیں دیا

کھانا نہیں کھاؤ گے،،،، منال نے بہت پیار سے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

کھلایا تو ہے تمھارے بھائی نے اب تو بھوک شاید ہی لگے،،،،،مانی نے انکھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے ہی جواب دیا

میں نے کھانا نہیں کھایا ہے،،،،،منال نے دوبارہ رونا شروع کیا،،،،

،،تو جاؤ کھالو میرا دماغ مت کھاؤ،،،،،مانی نے غصے سے کہا

تم مجھ پر غصہ کیوں ہو رہے ہو میں نے کیا کیا ہے،،وہ روتے ہوئے بولی

ارمغان نے چیخ کر اسے کہا

کیا چاہتی ہو کمرے سے باہر چلا جاؤں نہیں بلکہ میں ایسا کرتا ہوں گھر سے ہی چلا جاتا ہوں تم پھر رو رو کر اپنے بھائی کو فون کرنا پھر لگانا میرا تماشہ جس کی تمھیں عادت ہے،،،،

میں نے بھائی کو فون نہیں کیا میں نے مما کو فون کیا تھا،،تم آئے نہیں تھے شازیہ چلی گئی تھی میں نے گیٹ بند نہیں کیا کہ تم آنے والے ہو گے پھر تھوڑی دیر بعد مجھے ڈر لگنے لگا ایسا لگا لان میں کوئی ہے میں نے ٹی وی کی آواز تیز کی اتنے میں لائٹ چلی گئی یوپی ایس بھی نہیں چلا پھر گیلری کی دیوار پر ایک بلی آگئی میں کمرے میں بھاگی اور خود کو ڈریسنگ روم میں بند کر لیا،،،،،منال کو وہ سب یاد کر کے پھر رونا آگیا

یہ جتنی بھی قیامتیں آج کی رات تم پر ٹوٹی ہیں وہ تم اپنی مما کو بتانے کے بجائے مجھے بھی بتا سکتی تھیں میں جلدی گھر آجاتا،،،مانی نے جھنجھلا کر کہا

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو اور بھی تو سنو پھر کیا ہوا،،،، منال کو یاد آیا

کیا مطلب ابھی کچھ اور باقی بھی ہے،،مانی نے حیرت سے کہا

ہاں نا میں نے پہلے تمھیں ہی فون کرنا تھا پر میرے موبائل سے تمھارا نمبر ہی غائب ہو گیا،،،،

منال پلیز یہ کچھ زیادہ ہو گیا ہے بس کرو میں نے خود تمھارے فون میں اپنا نمبر سیو کیا تھا،،،مانی نے اسکو یاد دلایا

تو میں کیا جھوٹ بول رہی ہوں تم خود دیکھو نہیں ملے گا

منال نے اپنا فون اسکے آگے کیا

ارمغان نے ٹیبل سے اپنا فون اٹھایا اور منال کو بیل دی

یہ ہے میرا نمبر اور دیکھو سیو ہے نا،،،مانی نے اسکے ہاتھ میں پکڑے موبائل کی طرف اشارہ کیا

جہاں لائف لائن لکھا نظر آرہا تھا

منال کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آگئی وہ "ایم" اور "اے" میں مانی کا نام تلاش کر رہی تھی

وہ دوبارہ سونے لیٹ گیا

Posted On Kitab Nagri

مانی کھانا،،منال کو پھر یاد آیا

منال مجھے بہت نیند آرہی ہے اور میں تھکا ہوا بھی بہت ہوں میں کھانا نہیں کھاؤں گا تم کھالو،،،،

مانی نے آنکھوں پر ہاتھ رکھے رکھے ہی کہا

میں اپنا ہی تو بول رہی ہوں مجھے کھانا گرم کر کے یہاں روم میں ہی لادو میں باہر نہیں جارہی،،،، کیا شان بے نیازی تھی،،،

ارمغان نے حیرت سے اسے دیکھا،،،،،

میں کہیں نہیں جارہا کھانا ہے تو خود کھاؤ میں تمھارے نخرے اٹھانے کے بالکل موڈ میں نہیں ہوں میرا اس سالے نے بہت موڈ خراب کر دیا ہے دونوں بہن بھائی ہی نمونے ہیں پورے،،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا بدتمیزی ہے تم اسد بھائی کو سالا کیوں بول رہے ہو اور تم نے انکا نام موبائل میں بھی اسد سالا لکھا ہوا ہے ،،،،،،منال غصے سے بولی

وہ میرا سالا ہی ہے تو سالے کو سالا ہی کہونگا،،، گردن کو جھٹکا دیا

Posted On Kitab Nagri

اچھا تم خود اپنا نام لائف لائن سیو کر و ہیں،،،اور میرا بھائی سالا

وہ ہنسی،،،،

سوری غلطی ہو گئی تمھارا جو دل چاہے وہ سیو کر لو میرا نام بس مجھے ابھی سونے دو،،،،وہ دوبارہ آنکھیں بند کر کے لیٹ گیا

اچھا میرا کیا نام سیو ہے تمھارے فون میں،،،،،

یہ کہہ کر منال نے بیل دی مانی کو تا کہ اپنا نام دیکھ سکے

مانی جو تھکن اور نیند نیند کر رہا تھا تیزی سے اٹھا اور اپنا موبائل لے کر کمرے سے باہر جانے لگا

منال چلو کھانا کھاتے ہیں اور جلدی آو میں چائے بھی پلاتا ہوں تمھیں،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عجیب پاگل ہے پہلے منع کر رہا تھا اب کھانے کے ساتھ چائے بھی،،، منال نے حیرت سے کہا

مانی نے کچن میں آ کر سکھ کا سانس لیا بچ گیا

آج تو بچ گیا پر یہ نام اب چینج کرنا پڑے گا ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے اتنی بہادری اچھی نہیں مانی صاحب اور منال کا نمبر نکالا جس کا نام "فتنہ "سیو تھا کیونکہ اجکل اسکو منال کو دیکھ کر بس یہ ہی خیال آتا تھا

Posted On Kitab Nagri

###$#####

انکی شادی کو دو مہینے ہو گئے تھے ارمغان انسٹیٹیوٹ سے گھر واپس آرہا تھا

اسکا فون بجا

سفیان کا فون تھا وہ اسے فوراً گھر آنے کو کہہ رہا تھا

ارمغان نے گاڑی موڑلی وہ یہ سوچتے ہوئے گھر میں اندر آیا کہ اب میں نے کیا کیا ہے پر لاونج میں سامنے ہی ماں کے برابر میں بیٹھی کرن کو دیکھ کر کچھ بھی پوچھنے کی ضرورت ہی نہیں رہی،،،

کرن کا منہ سوجھ رہا تھا چہرے پر نیل کے نشان تھے وہ تیزی سے اسکے پاس آیا

کرن اسکو دیکھ کر زور زور سے رونے لگی مانی نے اسے گلے لگا کر چپ کرایا

سفیان نے کہا

اسد نے چھپ کر دوسری شادی کی ہوئی ہے چھ مہینے ہو گئے ہیں اور کرن نے جب اس عورت کے گھر جا کر شور کیا تو اسد نے کرن کو بہت مارا اور اسکے بیٹے اعیان کو بھی چھین کر کرن کو گھر سے نکال دیا ہے،،

میں کب سے بول رہا ہوں یہ ذلیل انسان میری بہن کے قابل نہیں ہے اور شادی تو اسنے اب کی ہے ورنہ یہ کوئی پہلی عورت تو نہیں ہے اسکی زندگی میں،،،مانی غصے سے بے قابو ہو رہا تھا،،

مانی میرے بھائی ہو نا تم بولو میرا ساتھ دو گے،،،کرن نے روتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

آپی یہ کوئی پوچھنے کی بات ہے میں آپ کے ساتھ ہوں

تو بس ٹھیک ہے تم منال کو ایسے ہی مار کر گھر سے نکالو اور اسے کہو کہ اگر اسد نے اس عورت کو طلاق نہیں دی تو تم منال کو طلاق دے دو گے

ارمغان نے میسج کر کے منال کو اپنے دیر سے آنے اور اسے کھانا کھا کر سو جانے کا کہا تھا

منال نے سب گیٹ وغیرہ بند کر کے پورے گھر کے پردے بھی برابر کر دیئے اب لاونج میں ٹی وی کھول کر بیٹھ گئی تھی

مانی کو فون کیا تو اسکا موبائل اب بند آرہا تھا یہ کیا بات ہوئی میسج کر کے موبائل ہی سوئچ آف کر دیا موصوف نے،،،اسے غصہ آیا

نہیں یار چارجنگ بھی تو ڈاؤن ہو سکتی ہے میں تو بس ایک دم ہی غلط سمجھنے لگتی ہوں اسے

مانی سے ہوتا ہوا اسکا دماغ شام کو آنے والے نمرہ کے فون پر چلا گیا

وہ دبئی گئی ہوئی تھی

واؤ سیس بڑے مزے آرہے ہیں آپ کے کب آرہی ہیں واپس،،،، منال نے پوچھا

مجھے تو ابھی ون ویک لگے گا کچھ شاپنگ رہتی ہے پر مجھے تم بتاؤ یہ تم لوگ اپنا ہنی مون کب پلان کر رہے ہو اب ایسا بھی گیا گزرا نہیں ہے ارمغان چلو باہر کسی ملک نہیں جا سکتے پر کیا پاکستان ٹور بھی افورڈ نہیں کر سکتا وہ،،،،، نمرہ نے طنز کیا،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں ایسی بات نہیں ہے ٹائم بھی تو نہیں اسکے پاس،،،،،منال نے اس کی حمایت کی،،،

یہ ہی بول رہی ہوں منال کہ تھوڑا ہوش کرو تم نے تو اسکے لئے خود کو بالکل بدل لیا ہے

پتا ہے میرا دیور بتا رہا تھا یہ ارمغان بہت اونچی چیز ہے اپنے ڈیزائن کی منہ مانگی قیمت لیتا ہے اور کام بھی اپنے طریقے سے کرتا ہے یہ تم جس سوسائٹی میں رہتی ہو یہ بھی تو اسکا ڈیزائن کیا پروجیکٹ ہے

اور منال کو لگا کوئی دھماکہ ہوا ہے اسکے کان کے قریب،،،،،اسکو اب نمرہ کی کوئی بات نہ سنائی دے رہی تھی نا سمجھ آرہی تھی

منال نے فون رکھ دیا

نمرہ کی باتوں کو یاد کرکے اسے پھر مانی پر غصہ آیا تھا

یہ شخص مجھے بیوقوف بنا تا رہا ہے آخر اسکو یقین کیوں نہیں آتا کہ مجھے اس سے محبت ہے پیسے کی کوئی اہمیت نہیں ہے میری زندگی میں کیوں نہیں بھول جاتا ماضی کی میری غلطیاں

منال کو یاد آیا اس دن بھی جب وہ لوگ شاپنگ کر کے گاڑی میں آکر بیٹھے

تو آرمغان نے منال سے کہا تھا

تمھیں برا نہیں لگتا منال تم اتنے کم قیمت سستے سے کپڑے خریدتی ہو تم نے آج جو شاپنگ کی ہے اتنے میں تو تمھارا ایک ڈریس آتا تھا،،،مانی نے جتایا تھا

Posted On Kitab Nagri

پاگل تھی میں اب دیکھو نہ ایک ڈریس کا اتنے سارے کپڑوں سے کیا مقابلہ

ابھی مانی کچھ کہتا کہ ان کی گاڑی کے سامنے ایک بائیک رکی اور ایک لڑکا اتر کر سائیڈ میں آکر کھڑا ہو گیا

ارمغان نے پہلے منال کو دیکھا اور پھر تیزی سے گاڑی سے اترا اور کار کی پیچھے سائیڈ سے ایک پیکٹ نکال کر اس لڑکے کو دیا پہلے وہ لڑکا وہاں سے گیا اور پھر مانی نے کار اسٹارٹ کی

ارمغان یہ لڑکا تو وہی ہے نا،،،،، منال نے اس لڑکے کو پہچان کر کہا

مانی نے چونک کر اسکی طرف دیکھا

کون ہے یہ لڑکا

جسے تم نے مجھ پر نظر رکھنے کو کہا تھا اور اس دن فلیٹ پر بھی یہ ہی تھا

ارمغان ہنسا

"واہ کیا یادداشت ہے تمھاری اتنے سال بعد بھی پہچان لیا"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ اب کیوں ہے تمھارے ساتھ تم کوئی غلط کام تو نہیں کرتے نا،،،، منال ڈری تھی

یہ غلط کام کیا ہوتا ہے منال بولو تم کسطرح کے کام کو غلط کہتی ہو،،،، چبھتے ہوئے لہجے میں سوال کیا

میں کیا بولوں تمھیں نہیں پتا اور تم نے ابھی اسے یہ کیسا پیکٹ دیا ہے

دیکھو منال یہاں صحیح کام کوئی نہیں کرتا انفیکٹ مجھے یہ کہنا چاہیے کہ صحیح کام کوئی کرنے نہیں دیتا

Posted On Kitab Nagri

اور تمھیں پتا ہے سب سے زیادہ صحیح کام میں رکاوٹ ڈالنے والے لوگ کون ہیں جو دنیا کے سامنے شریف ہوتے ہیں پر اندر سے پورے ہوتے ہیں انکی ایک کال آتی ہے بس پھر کسی کا باپ کچھ نہیں کر اسکتا،،،،مانی نے غصے سے کہا

تو تم ان لوگوں سے اپنا کام نکلواتے ہو یہ بھی تو غلط ہی ہوا تم بھی تو انھی جیسے ہوئے،،منال نے کہا

نہیں میں ان شریف لوگوں جیسا نہیں ہوں میں صحیح کام کرتا ہوں مگر اسے کرنے کا طریقہ تھوڑا غلط ہوتا ہے مطلب کام جائز ہوتا ہے بس اسکو کرنے کا طریقہ تھوڑا ٹیڑھا ہوتا ہے،،مانی نے اپنی بات مکمل کی

تم مار پیٹ کروا کر ان غنڈوں کے زریعے اپنا کا نکلواتے ہو

منال نے کہا

یہ غنڈہ نہیں تھا منال،،،مانی نے جتایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

،اچھا،،،کون ہے پھر ہاں،،،،منال نے طنز کیا

"یہ بھائی ہے"،،،،مانی نے اسکی معلومات میں اضافہ کیا

اوہ اچھا یہ غنڈہ نہیں ہے بھائی ہے اور تم کیا ہو ارمغان صاحب،،،منال نے اسے شرمندہ کیا

میں میں اسکا بڑا بھائی ہوں،،،،مانی نے سنجیدگی سے منال کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

منال کو اسکی آنکھوں سے خوف آیا تھا

اف منال نے چونک کر دیکھا وہ لاونج میں اکیلی تھی بارہ بج رہے تھے مانی ابھی تک نہیں آیا تھا

##########

اسکا اور کوئی حل نہیں ہے اسد کو صرف ایسے ہی قابو کیا جا سکتا ہے سفیان نے کہا

مانی سر پکڑ کر بیٹھا تھا اسکا ایک ہاتھ ابھی بھی کرن کے ہاتھ میں تھا

تمھاری کون سی پسند کی شادی تھی بڑے پاپا نے زبردستی کرائی تھی تم منال کو گھر بھیجو تو دیکھنا سب کیسے سیدھے ہوتے ہیں،،،، سفیان نے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مانی ایک دم غصے میں آ گیا

مجھے یہ سمجھ نہیں آرہا یہاں آپی کا گھر بچانے کی بات ہو رہی ہے یا میرا گھر توڑنے کی

وٹے سٹے کی شادیوں میں ایسا ہی ہوتا ہے ایک کی بربادی دوسرے کی بھی ہوتی ہے،،،،

رمشا جو بہت دیر سے خاموش بیٹھی تھی وہ بولی

Posted On Kitab Nagri

"لیکن میں ایک مرد کے کیئے کی سزاا ایک عورت کو نہیں دے سکتا" دوٹوک لہجے میں کہا

مانی یہ تمھاری بہن ہے بیٹا پھر منال کو صرف گھر بھیجنا ہے اللہ نے چاہا تو جب سب ٹھیک ہو جائے تو تم منال کو واپس لے آنا،،،،شائستہ بیگم نے کہا

ماں آپ بھی ایسا بول رہی ہیں میں ایسا کیسے کر سکتا ہوں اسد کی جس بات کو ساری زندگی برا سمجھا آج وہ ہی میں کروں،،،،،،مانی نے تھک کر ایک نظر سب پر ڈالی

تم کچھ مت کرو مانی بس میرا بیٹا لا دو،،،،،،

کرن نے اسکے ہاتھ جوڑ کر جس طرح رونا شروع کیا مانی کو لگا وہ اپنی بات پر قائم نہیں رہ پائے گا

##$##########

ارمغان جب گھر آیا رات کے تین بج رہے تھے اور اتنی لڑائی اور مغزماری کے بعد اسکا ذھین بہت ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا اور اس وقت جو آخری چیز وہ نہیں چاہتا تھا وہ منال سے سامنا تھا لیکن دروازہ کھولتے ہی اسکی پہلی نظر منال پر ہی پڑی

منال اسکو دیکھ کر مسکرائی

اسلام علیکم

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

کہاں تھے مانی فون بھی بند تھا اب تو میں بس رونے والی تھی

تم سوئی نہیں کہا تھا سو جانا،،،،مانی نے اسکی طرف دیکھے بغیر کہا اسکی آواز بھاری ہو رہی تھی

مانی کیا ہوا ہے تم ٹھیک ہو وہ اسکے سامنے آئی

Posted On Kitab Nagri

لیکن جیسے ہی منال نے اسکا ہاتھ پکڑا مانی نے اپنا ہاتھ جھٹکا اور کمرے میں چلا گیا

منال نے دروازہ دیکھا تو وہ اندر سے لاک کر چکا تھا

یہ اسے کیا ہوا ہے کہاں تھا یہ رات بھر منال بیڈ روم میں اگئی مانی نے اسطرح تو کبھی نہیں کیا تھا کیا ہو گیا ہے اسکو

وہ بیڈ پر لیٹ کر اسکے بارے میں سوچتے سوچتے سو گئی

#########

''''

صبح وہ اٹھتے ہی مانی کے کمرے کی طرف گئی کمرا کھلا تھا پر مانی وہاں نہیں تھا اسکا چائے کا کپ اور کچھ پیپر اور لیپ ٹاپ وہاں رکھا تھا اسے حیرت ہوئی کیونکہ وہ کبھی اپنا سامان پھلا ہوا نہیں چھوڑ تا تھا

منال روم سے باہر آئی تو اسے پتا چلا کہ آج تو دن ہی حیرتوں کا ہے انکی شادی کے بعد آج پہلی بار ایسا ہوا تھا کہ کچن میں اسکا ناشتہ بنا ہوا نہیں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منال نے فون اٹھایا تو وہ ڈیڈ تھا وہ اپنا موبائل لینے کمرے میں گئی اسکا فون وہاں نہیں تھا وہ باہر لاونج میں آئی پر فون ہوتا تو ملتا

سارا گھر ڈھونڈ کر وہ بیٹھی ہی تھی کے دروازہ بجا

منال نے جلدی سے دروازہ کھولا

Posted On Kitab Nagri

شازیہ کو دیکھ کر اسنے کہا

آج تم جلدی آگئی شازیہ،،،،

شازیہ اپنے بچے کو بھی لائی تھی جی باجی آپ کہہ رہی تھی پورے گھر کی صفائی کا تو میں نے کہا جلدی آجاؤں،،،،

شازیہ نے جلدی سے کہا

یہ چھوٹو تمھیں کام کرنے دے گا،، منال نے ہنس کر کہا

جی باجی میں سب کرلونگی پہلے آپ کو ناشتہ بنادوں شازیہ نے بول کر گھبرا کر منال کو دیکھا لیکن وہ اسکے بیٹے کی حرکت دیکھ رہی تھی جو ریموٹ سے چینل چینج کر رہا تھا

پھر شازیہ کے ساتھ مل کر جو وہ کام میں لگی تو شازیہ کی باتوں نے اسے کچھ سوچنے کا موقع ہی نہیں دیا

رات نو بجے منال کو شازیہ نے کہا باجی میرے میاں کے پاس صاحب جی کا فون آیا ہے اسنے کہا ہے میں آج یہاں ہی رک جاؤں صاحب صبح آئیں گے

اچھا پر اسنے مجھے فون کیوں نہیں کیا،،،، منال کو حیرت ہوئی

لو جی ستار تو بول رہا ہے صاحب غصہ ہو رہے ہیں آپ فون ہی نہیں اٹھا رہی اور گھر کا نمبر بھی نہیں مل رہا

منال کو یاد آیا اسکا فون تو صبح سے نہیں مل رہا

Posted On Kitab Nagri

اب تو گھر کی صفائی بھی ہو گئی باجی فون ہوتا تو گھر میں مل جاتا شازیہ نے آنکھیں گول گھمائی

ہیں ہاں منال نے کچھ سوچتے ہوئے کہا

شازیہ ایک دم زور سے بولی ہائے اللہ باجی کہیں آپ کا فون اس صوفے کے اندر تو نہیں چلا گیا آپ نے آخری بار اپنا موبائل کہاں دیکھا تھا

شازیہ نے کیسی ماہر جاسوس کی طرح سوال کیا منال کو ہنسی آگئی

بس تم چپ رہو میرا ابھی یہ ہی خیال ہے صوفے میں ہی چلا گیا ہے رات میں یہاں ہی بیٹھی تھی

چلو باجی تو نکال لیتے ہیں شازیہ نے کہا پر اسکی تھکن سے چور شکل کو دیکھ کر منال نے منع کر دیا نہیں صبح نکال لیں گے تم بھی اب کھانا کھالو میں کمرے میں جا رہی ہوں

باجی کھانا تو کھالو آپ,,,,شازیہ جلدی سے بولی

نہیں میں پہلے شاور لوں گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

#########

صبح وہ اٹھ کر باہر آئی تو اسکا موبائل ٹیبل پر رکھا تھا

شازیہ یہ کہاں سے ملا

باجی صوفے میں ہی تھا میں نے کہا تھا نہ آپ سے ناشتہ بناؤ باجی

ہاں پہلے اسے چارج پر لگاؤ مجھے مانی سے بات کرنی ہے

جی باجی

Posted On Kitab Nagri

منال ناشتے کر کے بیٹھی ہی تھی کے مانی کا فون آ گیا

ہیلو

جی فرمایئے فون کیوں کیا ہے آپ نے،، منال نے غصے سے کہا

مانی کو ہنسی آ گئی "بس جی کیا کریں بڑے دنوں سے کسی کے ہاتھوں ذلیل نہیں ہوئے تھے تو آج دل چاہ کچھ کھری کھری سننے کا سوچا منہ کا ذائقہ ہی بدل لوں"

کیا سناؤں مجھے کچھ نہیں سنانا اور یہ سب باتیں چھوڑو تم یہ بتاو

تم کب آ رہے ہو اور کہاں ہو

سوالوں کی ترتیب تو صحیح کرو پہلے پوچھو کہاں ہو اور پھر پوچھو کب آؤ گے مانی نے اسکو تپایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم بات مت گھوماو مجھے جواب دو

یار میں حیدر آباد آیا ہوا تھا یونی کا کچھ کام تھا پھر ایک دوست کی طرف آ گیا اب کراچی میں ہوں اور تم سے بات کر رہا ہوں

کب آؤ گے والا جواب گول کر دیا

اچھا منال میں بعد میں فون کرتا ہوں اللہ حافظ

منال تیار ہو کر باہر آئی،، شازیہ جو کچن میں کام کر رہی تھی تیزی سے اسکے پاس آئی

Posted On Kitab Nagri

باجی آپ کہیں جارہی ہو

نہیں میں کہاں جاؤنگی کیوں تم کیوں پوچھ رہی ہو

منال نے حیرت سے پوچھا

باجی وہ آپ تیار ہوئی ہو نہ اسلیے بہت خوبصورت لگ رہی ہو باجی آپ

منال ہنس گئی دیوار میں لگے شیشے میں اسنے خود کو دیکھا وہ آج کتنے دن بعد اسطرح تیار ہوئی تھی

کھانا پک گیا ہے شازیہ،،،، منال نے کہا

جی باجی بس تیار ہے صاحب آجائیں گے تو میں گرم روٹی ڈال دونگی

نہیں تم ابھی پکالو وہ تو پتا نہیں کب آئیں

منال نے گھڑی میں دیکھا آٹھ بج گئے تھے اچھا سنو کام سے فری ہو کر تم آج اپنے ٹائم سے ہی گھر چلی جانا

منال نے یہ کہتے ہوئے موبائل اٹھایا مام کی بارہ مس بیل تھیں اسے حیرت ہوئی بیل کی آواز کیوں نہیں آئی مام کو فون ملایا

ہیلو مام کیسی ہیں آپ،،

ٹھیک ہوں تم سناؤ کہاں ہو میں کتنی پریشان تھی منال تمھارے لئے،،، بیگم ناز پریشانی سے بولیں

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مام میں تو بلکل ٹھیک ہوں آپ کو کیا ہوا ہے،،،، منال نے ہنستے ہوئے کہا

میں کال کررہی تھی تمھیں پر بند تھا کل سے تمھارا نمبر،،،، مام نے پریشانی سے کہا

منال نے شازیہ کو دیکھا جو وہاں آ کر بیٹھ گئی تھی منال کو اسکی یہ حرکت بری لگی

لیکن اس سے پہلے کہ وہ اسے کچھ کہتی مام کی بات پر وہ چونکی اور پھر دو دن سے اسکے ساتھ جو اتفاقات ہو رہے تھے سب سمجھ میں آنے لگے

مام کی باتیں اسکو پریشان کرنے کے لیے کافی تھیں اسنے شازیہ کو دیکھا اور تیزی سے اٹھ کر کمرے میں آ گئی ،،،اور دروازہ لاک کر لیا

شازیہ نے تھوڑی دیر بات اسے کھانے کے لئے بلایا مگر اسنے دروازہ نہیں کھولا

شازیہ کا کوئی قصور نہیں تھا مگر اسے اسکے ہاتھوں بیوقوف بنے پر غصہ آیا تھا

جس کا قصور تھا اسپر تو وہ غصہ کرنے کے قابل ہی نہیں بچی تھی شاید سر اٹھانے کے قابل بھی نہیں چھوڑا تھا

منال کو نہیں پتا شازیہ کب گئی وہ کمرہ بند کر کے بیٹھی رہی

دروازہ بج رہا تھا پھر اسے مانی کی آواز آئی منال نے ٹائم دیکھا رات کے دو بج رہے تھے

Posted On Kitab Nagri

کمرے کا لاک کھلنے کی آواز آئی پھر منال نے مانی کو کمرے میں آتے دیکھا وہ گلاس ڈور سے ٹیک لگا کر بیٹھی ہوئی تھی دوبارہ نظر باہر کی طرف کرلی اور سوئمنگ پول کو دیکھنے لگی

ارمغان کے چہرے پر مسکراہٹ آگئ

جھیلوں پر تو سنا تھا پریاں اترتی ہیں مگر سوئمنگ پول پر آج ایک پری اتری ہوئی ہے یہ نہیں پتا تھا مجھے ورنہ

،،،،،،،،

اے مانو کیا ہوا ہے بولو نا،،، ارمغان نے بات کرنے کی کوشش کی

کیوں چھپایا مجھ سے کیا ثابت کرنا چاہتے تھے کہ تم کتنے عظیم ہو،، انسان نہیں ہو تم فرشتہ ہو بولو،،، منال نے کہا

کچھ ثابت نہیں کرنا تھا مجھے اور فرشتہ تو کیا میں تو ایک اچھا انسان بھی نہیں ہوں بہت برا انسان ہوں

پر کیا کرتا تمھیں بتا کر،،، مجھے اسکا حل نکالنا تھا آپی کی حالت نے کچھ ٹائم کے لئے مجھے کمزور کر دیا تھا جس طرح اس جانور نے انھیں مارا تھا انکا چہرہ منال میری آنکھوں سے نہیں جا رہا تھا کیسے کر سکتا ہے وہ ایسا کوئی ایسے مارتا ہے اپنی بیوی کو اسکی آنکھ اسکا ہونٹ آف منال بہت برے گزرے ہیں ہمارے یہ تین دن،، اس پر گھر والوں کا پریشر میں بہت پریشان ہو گیا تھا

اب کیا ہو گا مانی یہ معاملہ تو بگڑ رہا ہے بھابھی نے تو کیس کر دیا ہے بھائی پر اور اعیان کی کسٹڈی کا بھی،،،، منال نے ڈرتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

توکیا انھیں ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا منال،،ارمغان نے اسکی آنکھوں میں دیکھا

خاندان کی کتنی بدنامی ہوگی مانی یہ بھی تو سوچو لوگوں کو توباتیں بنانے کا موقع مل جائے گا،،وہ تیزی سے بولی

مانی اسے دیکھنے لگا کھوجتی ہوئی نظروں سے،،،،

کیا ہوا اسے کیا دیکھ رہے ہو،،منال گڑبڑا گئی

وہ ایک دم ہنسا،،،،واؤ زبردست،،،،،،

مانی نے باقاعدہ تالی بجا کر داد دی

منال کو سمجھ نہیں آیا یہ داد دینے کا کون سا موقع ہے

بڑی ممانے تم سے یہ نہیں کہا کہ تم مجھ پر زور ڈالو کہ میں اپنے گھر والوں سے کہوں گھر کی بات گھر میں ختم کر لی جائے یہ سب معاملے خاموشی سے ختم کر دیے جائیں،،،،مانی نے طنزیہ لہجے میں پوچھا

"کیا تم مجھے چھوڑ دوگے مانی،"،منال نے اسکا چہرہ دیکھتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

ان باتوں کے بات تو یہ سوال مجھے پوچھنا چاہیے تو بتاؤ اگر حالات مزید خراب ہو گئے اور تمھیں مجھے چھوڑنے کا کہا جائے تو کیا کرو گی

بھابھی طلاق لینا ہی کیوں چاہ رہی ہیں،،،، منال نے اسکا سوال اگنور کر کے نیا سوال پوچھا

سو جاؤ منال کل بات کریں گے ابھی میرے سامنے بڑی مما کی بیٹی اور اسد کی بہن بیٹھی ہے جب انکی باتوں کے اثر سے باہر آجاؤ تو مجھ سے پوچھنا کہ کون کیا چاہ رہا ہے

وہ کمرے سے جانے کے لئے اٹھا،، پھر منال کو ہاتھ پکڑ کر اٹھایا اور لا کر بیڈ پر بیٹھایا وہ رو رہی تھی مانی نے نرمی سے اسکے آنسو صاف کئے ہاتھ سے اسکا چہرہ اوپر کیا اور بہت نرم لہجے میں کہا

"میں تمھیں نہیں چھوڑوں گا مانو" اور،،،،،،،،

"میں اسد کو بھی نہیں چھوڑوں گا"،،،،، ایک ہی جملہ تھا مگر اسکے آنکھوں کے تاثر سے منال ڈر گئی تھی

ارمغان کمرے سے نکل گیا منال نے اسکے جملے میں ہی پھنس گئی سمجھ ہی نہیں پا رہی تھی کہ خوش ہو یا افسردہ

############

صبح وہ کچن میں آئی تو ارمغان چائے بنا رہا تھا

مجھے تم سے بات کرنی ہے مانی تمھاری رات کی بات کا کیا مطلب تھا

www.kitabnagri.com 

Posted On Kitab Nagri

ارمغان نے مسکرا کر دیکھا،،،،"نہ سلام نہ دعا آتے ہی سوال جواب"

منال کو رات کے مقابلے میں وہ اس ٹائم وہ بہت ریلیکس لگا منال نے غور سے دیکھا تو وہ ٹی شرٹ اور ٹراوزر میں تھا اسے حیرت ہوئی وہ تو اتوار کو بھی آفس یا کسی نہ کسی کام سے کہیں جانے کے لیے تیار ہوتا تھا آج وہ ان کپڑوں میں پھر اسکی نظر اسکے جوتوں پر پڑی وہ کچن میں جوگرز پہن کر کھڑا تھا

تم کہیں جا رہے ہو مانی،،، منال نے پوچھا

نہیں میں تو آ رہا ہوں مانو،،،

کیا مطلب،، منال نے کہا

بڑے مطلبی ہو بھئی تم سارے،، افسوس سے سر ہلایا

میں تمھارے لئے آج اسپشل ناشتہ لینے گیا تھا حلوہ پوری مانی نے ٹرے منال کے سامنے رکھی اور چائے نکالنے کے لیے مڑا

میں نہیں کھاتی اسطرح کا ناشتہ،، منال نے منہ بنایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

پر میں تو کھاتا ہوں اسلئے تمھیں میرا ساتھ دینا پڑے گا

مانی نے ہاتھ پکڑ کر اسے بیٹھایا اور نوالہ بنا کر اسکے آگے کیا

منال اسکا چہرہ دیکھنے لگی

کھالو یار میرے ہاتھ دھلے ہوئے ہیں بلکہ سینٹائز بھی کئے ہیں

منال کو ہنسی آگئی اور نوالہ منہ میں لے لیا،،،،

"اللہ کا شکر ہے مسکرائی تو آپ،"،،مانی نے ایک اور نوالہ اسکے منہ میں ڈالا

پھر منال سے بولا،،،،

میرے ہاتھ تو دھلے ہوئے تھے پر یار پتہ نہیں دوکاندار کے دھلے ہوئے تھے یا نہیں عجیب میلا سا تھا

یہ کہنے سے پہلے ایک اور نوالہ منال کہ منہ میں تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور پتا ہے جس طرح وہ کھجا رہا تھا"

منال سینک کی طرف گئی ابکائی لے کر ناشتہ باہر نکالنے کی کوشش میں وہ ہلکان ہوگئی اور جب تھک کر ارمغان کی طرف مڑی تو بہت شوق سے حلوہ پوری کھانے میں مگن تھا

منال اسکی طرف غصے سے بڑھی،،،،

کیا حرکت تھی یہ تم نے جان کر کیا ہے تم اپنی بہن کا بدلہ لے رہے ہو میری رات والی باتوں کا ہے نا،،،،،

Posted On Kitab Nagri

مانی نے چائے کا کپ منہ کو لگا لیا چائے پی کر منال کے آگے کپ کیا جو اسنے ہاتھ جھٹک کر پیچھے کیا

اب میں تمھاری ساری باتوں کے جواب کے لئے تیار ہوں

سب سے پہلی بات میں مردوں کی طرح مقابلہ کرتا ہوں عورت سے بدلہ نہیں لیتا اب تم نے رات کو پوچھا تھا کرن نے کیس کیوں کیا تو میں تمھیں بتاتا ہوں اس نے کیس کرنے سے بھی پہلے ایک بہت عجیب حرکت کی جو اسکا جوائنٹ اکاؤنٹ تھا کرن نے اسمیں سے ساری رقم نکال لی اور کمپنی میں اسکے جو شئیرز ہیں وہ بھی آپی نے سفیان کے نام کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے،،،،

منال ایک دم کرسی پر بیٹھی مانی نے چائے اسکے آگے رکھ دی

اور اسد کو نوٹس بھیج دیا صرف طلاق کا نہیں بچے کی کسٹڈی کا بھی

چائے کا کپ منال کے ہونٹوں پر لگایا منال نے چائے کا سپ لے کر کپ اپنے ہاتھ میں لے لیا

یہ دیکھ کر سفیان کو بھی جوش آ گیا ویسے بھی ہماری شادی سے بھائی کو بزنس میں انکا اصلی حق یعنی میرے باپ کا حصہ مل گیا تھا تو کرن آپی کے شئیرز نام ہونے کی صورت میں سفیان بھائی تو 70 پرسنٹ پر آجاتے ہیں پر جی وہ تو اچانک ایسے ہیرو بنے ہیں کے اسد کو لیگل نوٹس بھیج دیا بزنس الگ کرنے کا،،،

اب یہ تو ظلم ہے نہ کتنی محنت سے بڑے پاپا اور اسد نے یہ بزنس کھڑا کیا تھا

Posted On Kitab Nagri

بس ایک غلطی نے اسد کی اسے محرم سے مجرم بنا دیا،،،،

مانی کی ایکٹنگ ایوارڈ وننگ تھی

کل رات دو بجے تک میں بڑے پاپا کے ساتھ ہی تھا دراصل پاپا تو اسد خانزادہ کی شکل ہی نہیں دیکھنا چارہے تھے میں نے سمجھایا ہے کہ میں ان سب کو ایسا کرنے سے روکونگا تو بڑے پاپا بہت خوش ہوئے اور کہا ایسا ہوا تو وہ اسد کو کرن کو منانے کے لیے بھجیں گے بلکہ اسد پاؤں پکڑ کر کرن سے معافی مانگے گا

مانی چپ ہوا

منال نے اسکو دیکھ کر کہا

یہ سفیان بھائی اور کرن بھابھی دو دن میں اتنے سمجھ دار ہو گئے کے انھوں نے ڈیڈ اور بھائی کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا

کیا بات ہے آپ کی ارمغان صاحب،،،، منال نے داد دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کچھ نہیں کیا ہے یہ سب ان لوگوں نے خود سوچا ہے،، ارمغان نے کہا

ہاں تم کب کسی کو مشورہ دیتے ہو تم تو بس ہوا میں ایک تیر چھوڑتے ہو جو ہمشہ نشانے پر لگتا ہے

بالکل اس طرح ہی میری مہندی کے دن رمشا بھابھی کو کہا تھا تایا ابا آج کے آج کوئی گدھا ڈھونڈ لیں کے اپنی بیٹی کے لئے،،،، منال نے اسکی آنکھوں میں دیکھ کر کہا

Posted On Kitab Nagri

مانی نے اسکی طرف دیکھا پھر نیچے نظر کرلی

"کیا ہو تم ارمغان کیا کہوں میں تمھیں الفاظ نہیں ہیں"

میں بس اتنا کہنا چاہتی ہوں کہ جن مسئلوں میں میرے گھر والے پھنس گئے ہیں ظاہر ہے تم انھیں ہیرو کی طرح نکال ہی لوگے انشااللہ تو بس پھر اسد بھائی کو معاف کردو،،،،

مانی تیزی سے کرسی سے اٹھا اور کمرے میں جانے لگا

مانی پلیز،،،،، منال نے مانی کا ہاتھ پکڑا

اب بہت دیر ہو گئی مانو،،،، مانی نے ہاتھ چھڑایا

کیا کیا ہے تم نے،،،،

بولو وہ ایک دم چیخی

میں نے کچھ نہیں کیا ہے بد قسمتی سے وہ میری بہن کا شوہر اور اسکے بچے کا باپ ہے اسلیے زندہ ہے

ارمغان بیڈروم میں آکر لیٹ گیا جس کا مطلب تھا وہ آج کہیں نہیں جائے گا

منال اسکے پیچھے روم میں آئی تو وہ پھیل کر بیڈ پر لیٹا ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

کیا کیا ہے تم نے بولو،،،، منال مانی کے سر پر پہنچ کر چلائی

مانی نے پہلے اسے حیرت سے دیکھا اور پھر اپنے چہرے پر تکیہ رکھ کر لیٹ گیا

منال نے غصے سے تکیہ کھینچا،،،،

میں کیا بکواس کر رہی ہوں تمھیں سمجھ نہیں آرہا اور تمھیں کیا لگتا ہے تم بچ جاؤ گے یہ سب کرنے کے بعد،،،،

ارمغان اٹھ کر بیٹھ گیا،،،،

منال تمیز سے،، مجھ سے کسی اور کہ لیے کبھی بد تمیزی نہیں کرنا میں، اگر تمھاری بد تمیزیاں برداشت کرتا ہوں تو اسکا یہ مطلب نہیں ہے کہ تم میرے سر پر ہی چڑھ جاؤ اور

مجھے کیا پتا کہ تم کیا بکواس کر رہی ہو میں نے کچھ نہیں کیا ہے میرا دماغ پہلے ہی گھوما ہوا ہے اور سنو،،،،،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

میں رات دو بجے تک بڑے پاپا کے ساتھ تھا اسکے بعد گھر آیا اور تمھارے ساتھ تھا
صبح اٹھ کر ہماری سوسائٹی میں ایک ڈی ایس پی صاحب ہیں انکے ساتھ جاگنگ کے لئے پارک گیا کبھی کبھی جاتا ہوں انکے ساتھ اور وہاں سے واپسی میں حلوہ پوری لیتا ہوا گھر آیا ہوں اچھے بچوں کی طرح راستے میں جو بڑا اچھوٹا ملا اس سے سلام دعا کی ہے اور اسکے بعد سے میں تمھارے سامنے ہوں
مانی نے کسی رٹو طوطے کی طرح سارا پروگرام بتایا اب اگر تسلی ہو گئی ہو تو میں سو جاؤں اور ہاں ایک بات اور سنو،،،
اچھا لگا تمھاری باتیں سن کر کچھ خوش فہمیاں سی ہونے لگی تھیں جلدی ختم ہو گیئں،،،، ارمغان نے کہتے ہوئے آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا
وہ کھڑی اسکو دیکھتی رہی آنسو ایک بار پھر آنکھوں سے جاری ہو گئے تھے

Posted On Kitab Nagri

میرے سر پر کھڑے ہو کر رونے سے اچھا ہے جائے نماز پر رو کوئی فائدہ بھی ہو گا بہنوں کی دعاؤں میں بہت اثر ہوتا ہے،،مانی نے لیٹے لیٹے ہی کہا

منال جو جانے لگی تھی اسکی بات پر مڑ کر دیکھا اسکا دل ہی نہیں چاہا مانی سے بات کرنے کا
منال دوسری سائیڈ پر آکر بیٹھ گئی جو دعائیں یاد تھی پڑھنے لگی

ارمغان کو سوئے ہوئے مشکل سے ایک گھنٹہ گزرا جب مانی اور منال کا موبائل بجنے لگا مام کالنگ لکھا نظر آرہا تھا
پھر ارمغان کا بھی موبائل بجنے لگا

منال نے آنکھیں بند کرلیں اور فون کو بجنے دیا
مانی کی آنکھ موبائل کے شور سے ہی کھلی تھی وہ اٹھ کر بیٹھا اور سگریٹ نکال کر جلائی ہاتھوں سے بال سیٹ کیئے
فون بند ہو کر دوبارہ بجا

ہیلو،:دوسری طرف سفیان بھائی تھے
مانی تم اسوقت کہاں ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بھائی میں اس وقت آفس میں ہوتا ہوں اور کل میں آپ کو کہہ کر آیا تھا کام بہت ہے تھوڑی دیر ہو جائے گی

،،،،اسنے منال کو دل جلانے والی مسکراہٹ سے دیکھا،،،

اسکے بعد منال نے پہلے اسے چپ ہوتے اور پھر افسوس گردن ہلاتے دیکھا

اوہ ہو کب ہوا،،اچھا نہیں میں تو ابھی بالکل بھی نہیں آسکتا بھائی میں کیا کروں گا آکر آپی کو بتایا آپ نے،،،،لو

وہ کیوں رو رہی ہیں حد ہے بھئی ان عورتوں کو سمجھنا بھی بڑا مشکل ہے،،،،

اور یہ کہتے ہوئے اسنے منال کی طرف مسکرا کر دیکھا منال نے منہ موڑ لیا تھا غصے سے

اچھا تھوڑا کام نپٹا کر آتا ہوں دو دن سے چھٹی پر تھا آج نکلتے تھوڑی مشکل ہو گی

مانی نے فون بند کیا اور باتھ روم میں چلا گیا

منال جو سمجھ رہی تھی وہ اسے خود بتائے گا جل کر رہ گئی اسکا فون ایک بار پھر بجا وہ اس انتظار میں تھی کے پہلے

مانی سے بات کر لے تنگ آکر فون اٹھا لیا

ہیلو مام اسلام و علیکم

منال نے فون اٹھا کر جلدی سے کہا

مام کیا ہوا ہے آپ رو کیوں رہی ہیں

Posted On Kitab Nagri

منال بیٹا اسد کے فلیٹ پر ڈکیتی ہو گئی ہے ڈاکو سارا گھر خالی کر گئے ہیں زیور پیسا سامان سب لوٹ کر لے گئے ہیں انھوں نے اسد کو بھی بہت مارا ہے

منال نے باتھ روم سے نکلتے ہوئے ڈاکو کو دیکھا جس کے چہرے کی مسکراہٹ نہیں جا رہی تھی

اور وہ عورت اسکے ساتھ کیا کیا ان ڈاکوں نے،،،مانی شیشے میں سے اسے ہی دیکھ رہا تھا کچھ گنگنا کر بال بنانے لگا اس منحوس عورت کو تو آتے ہی باتھ روم میں بند کر دیا تھا

بھائی کیا اب اس عورت کے ساتھ ہی رہتے ہیں مام،،منال نے پوچھا

نہیں بیٹا میرا بچہ دو دن سے وکیلوں کے چکر میں الجھا ہوا تھا کھانے تک کا ٹائم نہیں تھا اسکے پاس یہ تورات کو تمھارے ڈیڈ سے لڑائی ہو گئی تھی دراصل کل ارمغان کو بلایا تھا تمھارے ڈیڈ نے بس اسد جب گھر آیا تو اسکا موڈ خراب ہو گیا ارمغان کو دیکھ کر غصہ کرنے لگا اور پھر گھر سے ہی چلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا مام پلیز آپ روئیں نہیں بھائی کہاں ہیں اس وقت،،،منال کے حلق میں الفاظ پھنس رہے تھے

تمھارے ڈیڈ اور سفیان جا کر لائے ہیں،،، کمبختوں نے منہ سجا دیا ہے مار مار کر،،،،اسد نے فون کر کے بلایا تھا تمھارے ڈیڈ کو،،

Posted On Kitab Nagri

ابھی ڈاکٹر چیک کر کے گیا ہے اسد کو اسکی آنکھ لگی ہے تو میں نے تمھیں فون کیا ہے تم آجاؤ منال،،،،،مام نے بہت امید سے کہا

مام میں کیسے آؤں آپ گاڑی بھیج دیں،،،،

مانی نے چونک کر اسے دیکھا

اچھا مام میں تیاری کرتی ہوں اللہ حافظ

مانی فل تیار ہو گیا تھا اب کمرے سے نکل رہا تھا جب منال نے کہا

مسٹر پلانر اس عورت کے لیے کیا پلان کیا ہے آپ نے

ظاہر ہے جس میس میں میرے گھر والے پھنسے ہیں آج نہیں تو کل وہ عورت خود ہی بھائی کو چھوڑ دے گی

مانی اسکے برابر میں آکر بیٹھا اور اسکا ہاتھ پکڑا

منال نے ایک جھٹکے سے ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی مگر سامنے بھی ایک ڈھیٹ تھا

آپ حکم کریں کیا کرنا ہے اسکے ساتھ بندہ تو حکم کا غلام ہے،،مانی نے آنکھوں میں دیکھا

تمھیں شرم آتی ہے مانی

Posted On Kitab Nagri

بلکل بھی نہیں مانو،،،،،

مانی نے اسکی آنکھوں میں دیکھا

پتا ہے کیا یہ جو تم خاندانی بیویاں ہوتی ہو نا یہ شوہر کے دس افیئر برداشت کر لیتی ہیں بند کمرے میں لڑ کر بات دبا لیتی ہیں

پر ایک جائز اور حلال نکاح ان سے برداشت نہیں ہوتا

یہ فورا اپنے باپ بھائی کو بیچ میں لے آتی ہیں

مانی نے افسوس سے کہا

تمھیں ہمدردی ہو رہی ہے اس عورت سے،،،، منال کو حیرت ہوئی

نہیں مجھے کیوں ہمدردی ہو گئی اور وہ کون سی اتنی معصوم ہے پکا کام کیا ہے،، اسد تو بہت بری طرح پھنسا ہے،،،،

www.kitabnagri.com

میں تو ایک عام بات کر رہا ہوں

میں نے کہیں پڑھا تھا

عورت کی سب سے بری بات یہ ہے کہ یہ عورت پر رحم نہیں کرتی

Posted On Kitab Nagri

خیر میں جارہاہوں اسد سالے کو گیٹ ویل سون کہہ کر تھوڑی تسلی بڑے پاپا کو دوں

مانی جانے کے لئے کھڑا ہو گیا

اور میں میرے لیے کیا فیصلہ کیا ہے تم نے ان ساری باتوں کے بعد،،،، منال نے اسکے سامنے کھڑے ہوتے ہوئے کہا

ارمغان نے اس ظالم لڑکی کو دیکھا

"یہ دل پتہ نہیں ابھی کتنا اور خوار کروائے گا"

جیسا تمھیں مناسب لگے گاڑی تو منگوائی ہے نا تم نے کیونکہ تمھیں لانے والا کوئی نہیں ہے تو بس آگے کے فیصلے بھی تم کرو

ہاں ایک وعدہ آج میں تم سے کرتا ہوں کوئی پلاننگ نہیں کروں گا تمھارا ہر فیصلہ دل سے قبول ہو گا

پھر مانی چلا گیا،،، اور وہ اپنے گھر آ گئی

ارمغان خانزادہ اور عدنان خانزادہ کی کوششوں سے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حالات معمول پر آنا شروع ہو گئے تھے سب کچھ پہلے جیسا تو نہیں ہو سکتا تھا لیکن پھر بھی ان میں قدر بہتری آگئی تھی،،،،،

،بڑے پاپا کا تو اب کوئی کام مانی کے بغیر ناممکن ہو گیا تھا منال بھی پندرہ دن سے گھر آئی ہوئی تھی،،،اسد کی حالت نے اسے کچھ وقت کے لئے بہت شرمندہ اور پریشان کر دیا تھا،،لیکن کرن سے ملاقات کے بعد وہ بالکل چپ ہو گئی تھی،،،پھر ناز بیگم ،عدنان صاحب،اور اسد کے بار بار مانی کے اس کے ساتھ رویئے کے سوالوں سے وہ خود سے شرمندہ ہو گئی تھی،،لیکن مانی اس سے ناراض تھا گھر آتا بھی تو
آتے ہی بڑے پاپا کی اسٹڈی میں ان کے پاس چلا جاتا منال کو وہ نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا تھا کرن ابھی اپنے گھر ہی تھی مگر اعیان اسکے پاس آگیا تھا

##############

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام وعلیکم ارمغان نے سلام کیا

کرن چونک گئی پھر مسکرا کر سلام کا جواب دیا

جی آپی آپ نے بلایا تھا

ہاں آؤ بیٹھو کچھ بات کرنی تھی تم سے،،کرن نے کہا

مانی نے منال کو دیکھا وہ اٹھ کر چلی گئی تھی،،

Posted On Kitab Nagri

اسد کا فون آیا تھا وہ کافی شرمندہ ہے مجھے لینے آنا چاہ رہا ہے،،، کرن نے بتایا

اور وہ اسکی بیوی،،،مانی نے کہا

وہ کہہ رہا ہے،،،،"وہ ایک دم اسے نہیں چھوڑ سکتا"

لیکن مانی میں نے سوچا،،،وہ اب اسے چھوڑے یا نہیں مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا

مانی نے حیرت سے کرن کو دیکھا

ہاں سچ کہہ رہی ہوں تمھاری اس دن کی ساری باتیں صحیح تھیں مانی یہ عورت نہ پہلی تھی اسد کی زندگی میں اور نہ یہ گارنٹی ہے کہ یہ آخری ہو گی
تو میں نے سوچا محبوبہ کے نخرے انسان اٹھاتا ہے جب وہ بیوی بن جاے تو پھر تو بات گھر کی ہی ہو جاتی ہے پھر میں اپنی جگہ کیوں چھوڑوں جو میرا مقام ہے وہ عورت اس جگہ نہیں آسکتی شاید اس طرح اسد کی زندگی میں اب تھوڑا سکون آجائے،،،،
کرن نے خاموش ہو کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

کچھ بولو صحیح کہہ رہی ہوں،،،

دیکھ لیں آپی میں کیا کہہ سکتا ہوں،،،مانی نے دھیرے سے کہا

مانی ابھی تو بڑے پاپا، مما، اسد سب مجھے منا رہے ہیں،
میں چلی جاؤں گی تو ان لوگوں کا مان بڑھے گا،، کرن نے کہا
جی ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ،،
مانی نے کہتے ہوئے پھر اس طرف دیکھا جہاں منال آٹھ کر گئی تھی
ایک گانا بے اختیاری میں اسکے لبوں پر آیا
شاید انکا آخری ہو یہ ستم
ہر ستم یہ سوچ کہ ہم سہہ گئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مانی کتنی خوبصورت آواز ہے تمھاری یاد ہے ایک ٹائم تھا تمھیں جنوں تھا سنگر بننے کا،، کرن نے کہا

زندگی نے مہلت ہی نہیں دی شوق پورے کرنے کی بس ایک ریس تھی ایسا لگتا ہے جوانی تو آئی ہی نہیں مجھ پر
مانی یہ کہتا ہوا باہر نکل گیا
کرن حیرت سے اپنے چھوٹے بھائی کو دیکھنے لگی جو ایک مسٹری تھا ان سب کے لئے

Posted On Kitab Nagri

##########

پھر عدنان صاحب، ناز بیگم، اور اسد تینوں کرن کو لینے آئے تھے،،،اسد کے چہرے کے زخم اب ٹھیک ہو گئے تھے،،

کرن کے مان جانے اور سارے معاملات خوش اسلوبی سے طے ہونے کی خوشی میں اسد ایک گیٹ ٹو گیدر کر رہا تھا

جسکی تیاری زور و شور سے جاری تھیں

####

سب مہمان آنا شروع ہو گئے تھے جب بڑے پاپا نے منال سے ارمغان کا پوچھا کہ کب تک آئے گا

منال کی بات بند تھی مانی سے

مگر ڈیڈ کے سامنے اسے فون کرنا پڑا

بیل ہو رہی تھی لیکن وہ فون نہیں اٹھا رہا تھا

ڈیڈ فون نہیں اٹھا رہا مصروف ہو گا

آپ اپنے فون سے کریں،، منال نے کہا

اچھا ہاں ٹھیک ہے،، پھر انھوں نے مانی کا نمبر ملایا

Posted On Kitab Nagri

جو اسنے پہلی بیل پر ہی اٹھا لیا

منال کا دماغ گھوم گیا

ڈیڈ نے بات کر کے فون رکھ دیا اور منال سے بولے

کہہ رہا ہے شہر سے باہر ہے آتے آتے رات ہو جائے گی

میں نے کہا ہے جب بھی فری ہو آجائے

جی اچھا وہ آکر لان میں سب مہمانوں سے ملنے لگی

آج اس نے اتنی تیاری کی ہوئی تھی

ہر کوئی اسکی تعریف کر رہا تھا وائٹ پیروں کو چھوتی فراک جس پر وائٹ پرل کا کام بنا تھا اور وائٹ کندن کی بھاری جیولری اور دلکش میک اپ نے اسکے حسن کو چار چاند لگا دیے تھے

اسکی نظر بار بار انٹرنس پر جا رہی تھی مگر مانی نے نہ آنا تھا نہ وہ آیا کھانا شروع ہو چکا تھا

منال سب سے الگ تھلگ بیٹھی تھی اسکے زھین میں ایک خیال آیا وہ تیزی سے باہر کی طرف لپکی ڈرائیور کو گھر ڈراپ کا کہا

وہ گھر آگئی

بابا اب آپ جائیں میرا کوئی پوچھے تو بتا دیجے گا

وہ لاک کھول کر اندر آئی اور مانی کو پھر فون کیا

Posted On Kitab Nagri

اور اس وقت تک کرتی رہی جب تک مانی نے اٹھا نہیں لیا،،

کیا مسئلہ ہے تمھیں کہا تو ہے جیسے ہی فری ہوا آ جاؤں گا،،ارمغان کی جھنجلائی ہوئی آواز ائی

کہاں ہو تم،،،،منال نے پوچھا وہ اسکی گاڑی کے پاس کھڑی تھی

برج خلیفہ پر ہوں بس نیچے کودنے والا ہوں،،،،

مانی نے جل کر کہا

توکود جاؤ کس انتظار میں۔ہو،،،،فون رکھ دیا

منال لان سے گزرتی ہوئی سوئمنگ پول کی طرف ائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں دماغ خراب کر دیا ہے ان باپ بیٹی نے فون کر کر کہ،،

محترمہ کو آج خیال آرہا ہے فون کرنے کا،،

گردن کو جھٹکا دیا تو منال کے چہرے پر نظر پڑی وہ اسکے پیچھے کھڑی تھی وہ گلاس وال کے پاس بیٹھا سگریٹ پی رہا تھا اور وہ باہر کھڑی تھی ڈور کھول کر اندر ائی

Posted On Kitab Nagri

پہلے تو وہ چونکا اور پھر منال کے پیروں کی طرف دیکھنے لگا جو وائٹ زمین کو چھوتے فراک کی وجہ سے نظر نہیں آرہے تھے

تو یہ ہے وہ ضروری کام کافی زیادہ نہیں کر لیا تم نے آج یہ کام،،اسنے سگریٹ کی ایش ٹرے کیطرف اشارہ کیا جو بھری ہوئی تھی

پر مانی نے اسکی بات نظر انداز کی اور فراک کو تھوڑا سا پیروں کی طرف سے اٹھایا

منال پیچھے ہٹی،،،،

کیا ہوا ہے پاگل ہو گئے ہو

نہیں میں تمھارے پاؤں دیکھ رہا تھا مڑے ہوئے تو نیں ہیں دراصل سنا ہے رات کو اس علاقے میں سفید کپڑوں میں ایک چڑیل گھومتی ہیں جو خوبصورت لڑکوں کو بہکا کر اپنے ساتھ لے جاتی ہے اور پھر انکا خون پی جاتی ہے،،،،مانی نے ڈرتے ہوئے کہا

نشہ وشہ کیا ہوا ہے جو بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو،،منال نے کہا

نشے میں بہکی بہکی حرکتیں بھی کرتا ہوں خیال رہے،،،،،گھور کر دیکھا اور پھر کہا

ویسے کیسے آنا ہوا آپ کا،،مانی نے طنزیہ لہجے میں پوچھا

Posted On Kitab Nagri

منال اسکے برابر میں بیٹھی پھر بولی

بس یہاں سے گزر رہی تھی سوچا آپ کی خیریت معلوم کرلوں

مانی نے اسکی طرف دیکھا جو بلکل اسکے قریب بیٹھی تھی اسکا کندھا مانی کے کندھے سے ٹچ ہو رہا تھا

وہ تھوڑی دور ہو کر بیٹھ گیا اور زمین کو دیکھتے ہوئے ایک اور سگریٹ نکال لی

منال نے وہ اسکے منہ سے نکال کر پھینکی

میں یہاں تم کو کچھ بتانے آئی ہوں مانی بہت ضروری،،، منال نے سیسپنس پھلایا

کہو میں سن رہا ہوں،،،،

منال نے مانی کی توجہ کے لئے جھک کر اسکی آنکھوں میں دیکھا

نہیں ایسے نہیں میری طرف دیکھ کر سنو نا،،ایک ادا سے کہا

میں کانوں سے سنتا ہوں جو کہنا ہے جلدی کہو مجھے بہت نیند آرہی ہے،،،(قیامت ڈھانے آگئی ہے محترمہ،،ادائیں دیکھو ذرا،،،)

اچھا ٹھیک ہے مت دیکھو میری طرف

Posted On Kitab Nagri

پتا ہے دو دن پہلے ڈیڈ کو شہریار خان کا فون آیا تھا،،منال نے کہا

"کون شہریار"،،،،،مانی نے تیزی سر اونچا کیا

اوہ اچھا وہ تمھارا ابھگوڑا دولہا،،،

واہ بڑی جلدی یاد آ گیا مانی،،منال نے ہنس کر کہا

ظاہر ہے دنیا کے سب سے خوش نصیب انسان کو میں کیسے بھول سکتا ہوں جسے عین موقعے پر اللہ نے بچا لیا اور میرے گلے اسکی مصیبت ڈال دی گئی،،،

کیا قسمت ہے اسکی واہ،،،ارمغان نے اسکی قسمت پر رشک کیا مطلب منال کو تپانا تھا مگر وہ زور سے ہنسی

صحیح کہہ رہے ہو لکی تو وہ بہت ہے پتا ہے اسنے ڈیڈ کو بتایا کہ کس طرح اسے کسی پرائیویٹ نمبر سے کال آئی اور اسکے گھر پر ریٹ پڑنے کا بتایا اور کچھ لو کچھ دو پر معاملہ طے پا گیا

اور شہریار سے کہا کہ وہ فوراً سے بھی پہلے یہ ملک چھوڑ دے اور کسی کو اطلاع نہ کرے کیوں کہ اس طرح وہ لوگ ان لوگوں تک بھی پہنچ جائیں گے شادی کا کیا ہے وہ تو بعد میں بھی کر سکتا ہے

منال نے ایک سانس میں ساری کہانی سنا کر داد طلب نظروں سے اسے دیکھا

تو یہ تم مجھے کیوں بتا رہی ہو،،مانی پر کچھ اثر نہیں ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

دراصل تم نے رمشا بھابھی کے زریعے سفیان بھائی کو اور سفیان بھائی نے ڈیڈ کے دماغ میں یہ بات ڈلوائی تھی کہ نکاح آج کے آج ہونا چاہیے،، منال نے مسکرا کر کہا

اوہ اچھا تمھیں لگ رہا ہے یہ سب میں نے کیا ہے

محترمہ ایسی کوئی حسن پری نہیں ہیں آپ کہ میں شہریار خان سے پنگا لے لوں جان پیاری ہے مجھے اپنی اور میں تمھاری شادی میں شرکت کے لئے آیا تھا اور یہ سب بڑے پاپا کا فیصلہ تھا میں تو سو رہا تھا جب مجھے کرن نے بتایا کہ میں وہ گدھا ہوں جسکا نکاح انکی بد دماغ نند سے ہو رہا ہے وہ تو سب وہاں بیٹھے تھے اور بڑے پاپا کر جھکا سر مجھے اچھا نہیں لگ رہا تھا ورنہ تم سے تو شدید نفرت محسوس ہوتی تھی مجھے اسلئے ایسا سوچنا بھی نہیں کہ تم سے شادی کے لئے میں مرا جا رہا تھا یا کوئی پلاننگ کی تھی،،،، مانی نے گڑبڑا کر جلدی سے اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا

منال نے ٹھنڈی سانس بھری اچھا چلو ٹھیک ہے تم نے کچھ نہیں کیا اور میں ایک بلا ناگہانی کی طرح تم پر مسلط کر دی گئی

تمھیں تو میری شکل سے بھی نفرت تھی تم کر لو اپنی انا کا جھنڈا اونچا میں جھک جاتی ہوں کہہ دیتی ہوں کی میں مری جا رہی تھی تم سے شادی کے لئے خوب رو رو کر تمھیں اللہ سے مانگا ہے

مجھے تم سے محبت ہو گئی تھی اس دن شعیب کے فلیٹ پر جب تم میرے لئے آئے تھے یا شاید تم سے نفرت کا جھوٹ بولتے بولتے اس دن تھک گئی تھی۔

منال نے ارمغان کو دیکھا وہ نیچے منہ کئے بیٹھا تھا

Posted On Kitab Nagri

جب میری شادی طے ہوئی میں نے ہاں کر دی کیوں کہ مجھے لگا تم یہ شادی ہونے ہی نہیں دوگے لیکن تم نہیں آئے نا تم نے کچھ کیا تو میں نے اپنے اللہ کو اپنے دل کا حال سنایا اور جب تمھیں اپنی مایوں والے دن کھڑکی میں کھڑے دیکھا تو مجھے لگا میری ہر دعا اللہ نے قبول کر لی ہے

مگر ظاہر ہے میں تم سے اپنی نفرت کا اتنی بار اقرار کر چکی ہوں تمھاری اتنی نفی کر چکی ہوں اور پھر شعیب کے فلیٹ میں جس طرح تم نے مجھے دیکھا تو ایسی لڑکی سے ظاہر ہے محبت تو ہو نہیں سکتی تم تو اس سے بھی بہت پہلے کہہ چکے تھے اس دن چھت پر کہ مجھ میں ایسا کچھ ہے ہی نہیں جو کسی مرد کو کچھ چھوڑنے پر مجبور کر سکے تو پھر محبت کی جگہ ہی کہاں بچتی ہے

منال وہاں سے اٹھی

مانی نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا،،سب کچھ خود ہی بول کر خود ہی فیصلہ کر لیا ہے،،،،

مانی نے دوبارہ بیٹھایا

اب میرا سچ بھی سن لو،،

ٹھیک کہہ رہی ہو تم جتنی بے عزتی تم میری کر چکی تھیں خاص طور پر اس دن چھت پر جو کچھ تم نے کہا وہ میری برداشت اور محبت سے بہت زیادہ تھا

اگر مجھے تم سے محبت ہوتی تو کب کی ختم ہو چکی ہوتی

مگر مانو میں نے تم سے کبھی محبت کی ہی نہیں،،،،

منال نے بہت تکلیف سے ایسے دیکھا کیا وہ اتنا ظالم بھی ہو سکتا ہے

میں سمجھتا تھا وہ محبت ہے لیکن پھر سمجھ آیا کہ یہ محبت نہیں،،،

Posted On Kitab Nagri

میں نے تم سے عشق کیا ہے، جو اب زہر بن گیا تھا ایک جنون تمھیں پانے کا

مانی نے اسکی آنکھوں میں دیکھا،،،

اور میرا عشق اب صرف تم سے اقرار سننا چاہتا تھا

مجھ سے جھوٹی نفرت کا اظہار کرنے والی اس لڑکی سے اب اتنی ہی دفعہ محبت کا اقرار چاہتا تھا مگر میرے دل نے ہی مجھے دھوکا دے دیا ولیمے والے دن تمھیں اس کمرے میں کھڑا دیکھ کر میرا دل پھر تمھارے قدموں میں رلنے کے لیے تیار ہو گیا لیکن جب تم نے یہ کہا سب مجھے کیسے یاد رہا اور اس گھر کو دیکھ کر خوش ہوئیں تو مجھے لگا تم وہ ہی ناز بیگم کی بیٹی ہو جسے آج بھی میری محبت سے زیادہ ان مادی چیزوں سے محبت ہے جیسے گھر تو یاد رہا میں اور میری محبت بھول گئی

منال نے کچھ بولنا چاہا مانی نے اسے چپ رہنے کا اشارہ کیا

لیکن یہ میری غلط فہمی تھی بس مجھے یہ بات دیر سے سمجھ آئی

عجیب ضد سی ہو گئی تھی کہ اس بار محبت کا اقرار تم کرو گی

مانی میں تم سے بہت محبت کرتی ہوں سچ میرا شعیب سے ایسا کوئی تعلق نہیں تھا بس تمھارا وہ جملہ کہ مجھ میں وہ بات ہی نہیں کہ میں تمھیں چارم کر سکوں اور پھر اتنی آسانی سے تم نے مجھے چھوڑ دیا مجھے یقین ہی نہیں آیا تمھاری محبت کی اتنی عادی ہو گئی تھی کہ تمھارے نفرت کے اظہار نے مجھے ضدی کر دیا میں تم سے بدلہ لینے میں جنونی ہو گئی تھی لیکن جب تم میرے لئے وہاں آئے تو مجھے لگا کہ میں تو آج بھی وہاں ہی ہوں جہاں تم نے مجھے چھوڑا تھا میں تو تم سے نفرت کا صرف ڈھونگ کرتی ہوں،، مگر ڈرتی تھی تمھاری خاموشی سے تم نے تو پھر پلٹ کر دیکھا ہی نہیں،،،

Posted On Kitab Nagri

بس اب ختم کر دو تمھاری ناراضگی،،جیت گئے ہو آپ ارمغان خانزادہ،،،،،منال نے منت کی

نہیں ہار گیا ہوں آج پھر اپنا دل پیش کرتا ہوں چاہو تو برباد کرو،،مانی نے منال کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لئے

تو پھر ایک بات مانو گے منال نے بڑی ادا سے کہا

مانی تو قربان ہی ہو گیا،

ایک بات،،مانو آج تو آپ جو کہیں گی مانو گا،،،،،،مانی نے آنکھیں بند کر کہ منال کی طرف جھکتے ہوئے کہا

تو جاؤ اور کچھ کھانے کو لاؤ،،منال نے کہا

"ہیں کیا مطلب،"،،مانی نے حیرت سے اسے دیکھا

تو اور کیا تمھیں منانے کے چکر میں کھانا بھی نہیں کھایا تھا بلکہ میں نے تو دوپہر میں بھی کچھ نہیں کھایا تمھارے لیے اتنا تیار ہوئی اور تم آئے بھی نہیں اور چائے بھی نہیں پی میں نے شام،،،،،،،

مانی نے اسکے منہ پر ہاتھ رکھ دیا مانو باقی کی کہانی کل پلیز ظالم لڑکی کچھ تو رحم کرو میرے حال پر،،

اچھا پیزا ہی آرڈر کر دو وہ میں تمھارے ہاتھ سے کھاؤنگی،،منال نے کہا

جی بلکل کرتا ہوں،،پیزا آرڈر

کتنی رومنٹک بیوی دی ہے اللہ نے مجھے جو پیزا میرے ہاتھ سے کھائے گی منال نے مانی کی رونی شکل دیکھی اور ہنس گئی

ختم شد

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595